DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC REALTEIONS
BALOCHISTAN

نظامتِ اعلیٰ تعلقاتِ عامہ
حکومتِ بلوچستان

NO.DGPR(PRESS CLIPPING)/ 330

DATED. 11-04-2026.

**SUBJECT:- PRESS CLIPPINGS.**

*kindly find enclosed here with a set of press clipping of Local/National Newspapers for information and necessary action.*

**for (Director General)**

***The Press Secretary to***
*Chief Minister, Balochistan, Quetta.*

**RAMZAY ROAD QUETTA**

PHONE NO: 081-9202548-9201615-9201956, FAX NO:081-9201108
e-mail: dgprquettabalochistan@.com, dgprquetta.advt@gmail.com

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 11.04.2026

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | آئین میں اقلیتیوں کو مساوی حقوق حاصل ہیں، گورنر بلوچستان۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | پاکستان نے ذمہ دار ریاست کے طور پہ دانشمندانہ سفارت کاری کا مظاہرہ کیا، وزیر اعلیٰ بگٹی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | 10 اپریل پاکستان کی تاریخ میں سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے، علی حسن زہری۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | سردار ذوالفقار کھوسہ عوامی خدمت کے جذبے سے سرشار رہنما تھے، سردار کھیتران۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | سردار ذوالفقار علی کھوسہ زیرک سیاسی رہنما تھے، صوبائی وزیر داخلہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | امریکہ ایران تنازہ ختم کرنے میں وزیر اعظم و فیلڈ مارشل کا کردار اہم ہے، صوبائی وزراء۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | آج پاکستان باوقار مخلص شخصیت سے محروم ہوگیا، بابا غلام رسول عمرانی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | سردار ذوالفقار علی کھوسہ کا انتقال ناقابل تلافی نقصان ہے، سلیم کھوسہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | صحت کے مسائل دہلیز پر حل کرنے کے لیے اقدامات اٹھا رہے ہیں، بخت کاکڑ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | سردار ذوالفقار احمد کھوسہ باوقار سیاستدان تھے، علی مدد جتک۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | بلوچستان اسمبلی پاکستان کے کامیاب ثالثی کردار پر تہنیتی قرارداد منظور، وزیر اعظم فیلڈ مارشل کو خراج تحسین۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | جانوروں کی حفاظت کے لیے اقدامات اٹھائے جائیں گے، سیکرٹری فارسٹ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | نان رجسٹرڈ کاروبار ٹیکس نیٹ میں لانے کے لیے مہم کا آغاز کر دیا، بی ار اے۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | خانوزئی افغان مہاجرین کے خلاف آپریشن شروع 100 گھر مسمار۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | طلباء اور بچے ہمارے مستقبل کے معمار ہیں، ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | پولیو مہم کا افتتاح کوئٹہ میں 4 لاکھ بچوں کو ویکسین پلانے کا ہدف. | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | حکمرانوں کو شاہی طرز زندگی ترک کر کے عوام کو ریلیف دینا ہوگا، مولانا ہدایت الرحمٰن۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | سردار ذوالفقار کھوسہ کی سیاسی خدمات ناقابل فراموش ہیں، اسرار زہری۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19 | حکومت پٹرولیم مصنوعات کی قیمت میں کمی کرے، پشتونخواہ نیپ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 20 | جمہوری قوتوں سے مل کر پرامن جدوجہد رہے گی، بی این پی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

کوئٹہ ایک ہی خاندان کے 4 گھروں میں بیک وقت کروڑوں کی چوری، بلیدہ میں فائرنگ سے نوجوان ہلاک پولیس اہلکار کو زخمی کرنے والا ملزم گرفتار، سبی نامعلوم افراد نے گیس پائپ لائن کو دھماکے سے اڑا دیا۔

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

**مسائل :**

| |
|---|
| خضدار سٹی ون فیڈر کی بندش پورا علاقہ تاریکی میں ڈوب گیا، حب گیس و بجلی کا بحران شدت اختیار کر گیا طویل لوڈشیڈنگ سے صارفین پریشان پ، تجگور اکثر سکولوں میں مستقل اساتذہ نے متبادل رکھ لیے بچوں کا مستقبل داؤ پر لگ گیا، سوراب میں رمضان راشن پیکج کے ہزاروں پیکٹس غائب گیس فراہمی کا نیا شیڈول امور خانہ داری متاثر عوام کو مشکلات ۔ |

**مورخہ** 11.04.2026

**اداریہ :**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**کوئٹہ شہر کے 7 بڑے نالوں کی صفائی کی ہدایت !** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ گذشتہ روز ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت شہر میں صفائی کی صورتحال اور مختلف علاقوں میں کچرے کے ڈھیروں، بالخصوص بڑے برساتی نالوں میں جمع کچرے کو ٹھکانے لگانے کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسٹنٹ کمشنر ریونیو کوئٹہ ڈویژن بہادر خان کاکڑ کے علاوہ تمام سب ڈویژنز کے اسٹنٹ کمشنرز امری گیشن ڈیپارٹمنٹ کے افسران اور صفا کوئٹہ پراجیکٹ کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں کچرے کے ڈھیروں کو فوری طور پر اٹھانے اور بڑے برساتی نالوں کی صفائی کے حوالے سے تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے اریگیشن ڈیپارٹمنٹ کو ہدایت جاری کی کہ شہر کے 7 بڑے نالوں کی صفائی کا عمل فوری طور پر شروع کر کے جلد از جلد مکمل کیا جائے تا کہ ممکنہ بارشوں کے دوران نکاسی آب کے مسائل سے بچا جا سکے۔ صفا کوئٹہ پراجیکٹ کو ہدایات دی گئیں کہ شہر بھر میں موجود بڑے کھرے کے ڈھیروں کو ترجیحی بنیادوں پر اٹھایا جائے اور اس حوالے سے پیش رفت رپورٹ جلد پیش کی جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ روزانہ کی بنیاد پر صفائی سے متعلق رپورٹ مرتب کر کے ضلعی انتظامیہ کو فراہم کرنے کی بھی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ شہر کی صفائی اور عوام کو بہتر ماحول کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

**اداریے :**

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Missing vehicles" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

مضامین:

روزنامہ انتخاب کوئٹہ، بلوچستان نیوز کوئٹہ نے " **بلوچستا ن میں رینج کا تحفظ مشا ورتی نشست** " کے عنوان سے غلام مرتضی لاسی نے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily JANG QUETTA

Bulletin No. 1 — Dated: 11 APR 2026 — Page No. 1

# پاکستان میں اقلیتوں کو مساوی حقوق حاصل ہیں، گورنر مندوخیل

## بین المذاہب ہم آہنگی اور باہمی احترام کو فروغ دینے کی ضرورت ہے، ایسٹر کی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) ایسٹر کے تہوار کی مناسبت سے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ایک شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا جسمیں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران مسیحی برادری کے ساتھ اظہار یکجہتی کے طور پر کیک کاٹا گیا۔ تقریب میں صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو، سینیٹر سعید الحسن مندوخیل اور طارق کھیتران سمیت صوبہ بھر سے مسیحی برادری سے تعلق رکھنے والے مرد و خواتین کی بڑی تعداد نے شرکت کی، جس نے تہوار کو مزید پرمسرت بنایا۔ شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر مندوخیل نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان میں تمام شہریوں خواں جن کا تعلق اکثریت سے ہو یا اقلیت سے، کا ملک اور صوبے دونوں کی ترقی اور خوشحالی میں برابر کردار ہے۔ انہوں نے اس بات کی وضاحت کی کہ پاکستان میں تمام اقلیتوں کو آئین کے تحت مساوی حقوق، تحفظ اور مذہبی آزادی کی ضمانت دی گئی ہے۔ گورنر نے بلوچستان خصوصاً تعلیم اور صحت کی دیکھ بھال کے شعبوں میں مسیحی برادری کی گراں قدر خدمات کو بھی سراہا اور بین المذاہب ہم آہنگی اور باہمی احترام کو فروغ دینے کی اہمیت پر زور دیا۔ تقریب کا اختتام پاکستان کی خوشحالی، ترقی اور سلامتی کیلئے خصوصی دعاؤں سے ہوا۔

MASHRIQ QUETTA

# آئین میں اقلیتوں کو مساوی حقوق حاصل ہیں، گورنر بلوچستان

## ملکی تعمیر و ترقی میں مسیحی برادری کا کردار ناقابل فراموش ہے، جعفر مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) ایسٹر کے تہوار کی مناسبت سے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ایک شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا جسمیں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران مسیحی برادری کے ساتھ اظہار یکجہتی کے طور پر کیک کاٹا گیا۔ تقریب میں صوبائی وزیر......

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

میر عاصم کرد گیلو، سینیٹر سعید الحسن مندوخیل اور طارق کھیتران سمیت صوبہ بھر سے مسیحی برادری سے تعلق رکھنے والے مرد و خواتین کی بڑی تعداد نے شرکت کی، جس نے تہوار کو مزید پرمسرت بنایا۔ شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر مندوخیل نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان میں تمام شہریوں خواں جن کا تعلق اکثریت سے ہو یا اقلیت سے، کا ملک اور صوبے دونوں کی ترقی اور خوشحالی میں برابر کردار ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLI
RELATIONS BALOCHS

Bullet No. 1

Page No.

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 35 روپے

جلد 55 ہفتہ 22 شوال المکرم 1447ھ 11 اپریل 2026ء نمبر 99

# پاکستان نے ذمہ دار ریاست کے طور پر دانشمندانہ سفارتکاری کا مظاہرہ کیا

وزیراعلیٰ بگٹی

**بلوچستان اسمبلی کی قرارداد سے قومی یکجہتی مزید مستحکم ہوئی، بیان، آئین پاکستان ریاست اور عوام کے درمیان ایک مضبوط عمرانی معاہدہ ہے، یوم دستور پر پیغام**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان اسمبلی کے پارلیمانی فورم میں امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی کے تناظر میں پاکستان کے مؤثر، متوازن اور سفارتی کردار کے اعتراف میں منظور کی گئی مشترکہ تہنیتی قرارداد کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ یہ قرارداد ایوانِ بلوچستان کی سیاسی بصیرت، قومی یکجہتی اور ذمہ دارانہ طرزِ فکر کی عکاسی کرتی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پاکستان نے ایک امن پسند اور ذمہ دار ریاست کے طور پر عالمی سطح پر جس دانشمندانہ سفارت کاری کا مظاہرہ کیا ہے، وہ نہ صرف خطے میں کشیدگی کے خاتمے میں معاون ثابت ہوا بلکہ اس نے پاکستان کے مثبت عالمی تشخص کو بھی مزید مستحکم کیا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی کا یہ اقدام قابلِ تحسین ہے کہ ایوان نے وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت، سفارتی بصیرت اور مؤثر حکمت عملی کو خراجِ تحسین پیش کیا ان کی بروقت اور متوازن رہنمائی نے پاکستان کو ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر عالمی برادری میں نمایاں مقام دلایا وزیراعلیٰ نے کہا کہ خطے میں جاری کشیدگی کے دوران پاکستان نے جس دانشمندی، صبر وتحمل اور امن پسندی کا مظاہرہ کیا، وہ قابلِ فخر ہے اور یہی رویہ مستقبل میں بھی عالمی امن کے فروغ کے لیے پاکستان کے کردار کو مزید مضبوط کرے گا انہوں نے بلوچستان کے پارلیمانی فورم کی جانب سے متفقہ قرارداد کی منظوری کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس سے قومی یکجہتی اور وفاقی اداروں پر اعتماد مزید مستحکم ہوا ہے۔ وزیراعلیٰ نے امید ظاہر کی کہ پاکستان کی یہ سفارتی کاوشیں نہ صرف جاری رہیں گی بلکہ ان کے مثبت نتائج بھی جلد سامنے آئیں گے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان حکومت وفاق کے ساتھ مل کر امن، استحکام اور ترقی کے ایجنڈے کو آگے بڑھاتی رہے گی۔

**کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یومِ دستور کے موقع پر خصوصی پیغام** میں کہا ہے کہ 10 اپریل 1973 کو متفقہ آئین کی منظوری پاکستان کی تاریخ کا ایک اہم سنگ میل ہے، جو قومی یکجہتی، جمہوری استحکام اور وفاق کی مضبوطی کی روشن علامت ہے انہوں نے کہا کہ آئینِ پاکستان محض ایک قانونی دستاویز نہیں بلکہ ریاست اور عوام کے درمیان ایک مضبوط عمرانی معاہدہ ہے جو ہر شہری کے حقوق اور ریاست کی ذمہ داریوں کا تعین کرتا ہے وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت ہر شہری کے آئینی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ کسی کو طاقت کے زور پر اپنا نظریہ مسلط کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی اور ریاست کی رٹ ہر صورت برقرار رکھی جائے گی انہوں نے کہا کہ قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت کسی کو نہیں دی جا سکتی اور آئین و قانون کی بالادستی ہی ایک مہذب معاشرے کی بنیاد ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ آئین اور پارلیمنٹ ہی عوامی حقوق کے حصول کا مؤثر اور مستند راستہ ہیں بلوچستان کو حاصل ہونے والے تمام حقوق آئینی و پارلیمانی جدوجہد کا نتیجہ ہیں انہوں نے کہا کہ آئین ہمیں عوام کے سامنے جوابدہ بناتا ہے اور ریاستی نظام میں شفافیت اور توازن کو یقینی بناتا ہے انہوں نے آئین و قانون کی بالادستی کے قیام اور ملکی دفاع کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے سیکیورٹی فورسز کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز اور عوام کی عظیم قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی وزیراعلیٰ نے اس بات پر زور دیا کہ جمہوریت کی مضبوطی اور آئین کی پاسداری ہی پاکستان کے روشن اور مستحکم مستقبل کی ضمانت ہے انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو آئین کی اہمیت سے آگاہ کرنا وقت کی اہم ضرورت اور قومی ذمہ داری ہے، تاکہ وہ ایک باشعور اور ذمہ دار شہری کے طور پر ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔

## صوبے کے تاریخی وثقافتی ورثے کا تحفظ کرینگے، سرفراز بگٹی

**پنجگور میں کھلی کچہری سے خطاب، شاہو قلندر کے مزار کی بحالی وتزئین وآرائش کا افتتاح**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا ہے کہ حکومت صوبے کے تاریخی و ثقافتی ورثے کے تحفظ، خواتین کو بااختیار بنانے اور عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے مربوط اور عملی اقدامات کررہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پنجگور کے دورے کے دوران مختلف ترقیاتی منصوبوں کے افتتاح اور ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) ہیڈکوارٹر پنجگور رائفلز میں منعقدہ کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے کیا وزیراعلیٰ نے صوفی بزرگ شاہو قلندر کے مزار کی بحالی وتزئین و آرائش کا افتتاح کیا جو خستہ حالی کے باعث کھنڈرات کا منظر پیش کررہا تھا حکومت بلوچستان کی جانب سے اس اہم روحانی، تاریخی اور ثقافتی ورثے کی بحالی کے لیے 18 ملین روپے کے خصوصی فنڈز فراہم کیے گئے۔ منصوبے کی تعمیر نو، بحالی اور تزئین و آرائش کی ذمہ داری ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کو سونپی گئی جس نے ملک کے ممتاز اداروں، خصوصاً والڈ سٹی لاہور اتھارٹی کی تکنیکی معاونت سے اسے قلیل مدت میں اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیا۔ وزیراعلیٰ نے منصوبے کی بروقت اور معیاری تکمیل پر ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے اسے ایک مثالی اقدام قرار دیا اور اعلان کیا کہ پنجگور کے خدابادان فورٹ اور تربت کے پنوں فورٹ سمیت دیگر تاریخی مقامات کی بحالی کی ذمہ داری بھی اسی ادارے کو سونپی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ شاہو قلندر مزار کی بحالی سے نہ صرف ایک روحانی مرکز کو نئی زندگی ملی ہے بلکہ صوبے کے قدیمی ورثے میں ایک خوبصورت اور نمایاں اضافہ بھی ہوا ہے دورے کے دوران وزیراعلیٰ نے ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) پرواز فاؤنڈیشن کے تحت ازسرنو قائم ویمن اسکل ڈویلپمنٹ سنٹر (WSDC) کا افتتاح بھی کیا جس کا مقصد خواتین کو ہنرمند بنا کر انہیں معاشی طور پر خودمختار کرنا ہے۔ اس سنٹر میں آئی ٹی، سلائی کڑھائی، آرٹ ورک، بنیادی طبی سہولیات اور مذہبی تربیت سمیت مختلف کورسز کرائے جائیں گے پہلے مرحلے میں 300 طالبات کی کلاسز کا آغاز ہوچکا ہے جبکہ مزید 280 طالبات کی رجسٹریشن مکمل کی جاچکی ہے۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Bullet No. 1
Page No. 3

Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | ہفتہ 22 شوال 1447ھ 11 اپریل 2026ء صفحات 08 | شمارہ 276
رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

# خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے مربوط اقدامات کر رہے ہیں، وزیر اعلیٰ

صوبے کے تاریخی اور ثقافتی ورثے کے تحفظ کیلئے کوشاں ہیں، صوفی بزرگ شاہو قلندر کے مزار کی بحالی کیلئے 18 ملین فنڈ فراہم کئے

ایف سی ساؤتھ نے منصوبے کو اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کرنے میں اہم کردار ادا کیا، میر سرفراز بگٹی، مزار کی بحالی و تزئین کا افتتاح

کوئٹہ (غ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا ہے کہ حکومت صوبے کے تاریخی و ثقافتی ورثے کے تحفظ، خواتین کو بااختیار بنانے اور عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے مربوط اور عملی اقدامات کر رہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پنجگور کے دورے کے دوران مختلف ترقیاتی منصوبوں کے افتتاح اور ایف سی بلوچستان (سانوتھ) ہیڈ کوارٹرز پنجگور ریسٹ ہاؤس میں منعقدہ کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے کیا وزیر اعلیٰ نے صوفی بزرگ شاہو قلندر کے مزار کی بحالی و تزئین و آرائش کا افتتاح ......... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

کیا جو خستہ حالی کے باعث کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا تھا حکومت بلوچستان کی جانب سے اس اہم روحانی، تاریخی اور ثقافتی ورثے کی بحالی کے لیے 18 ملین روپے کے خصوصی فنڈز فراہم کیے گئے۔ منصوبے کی تعمیر نو، بحالی اور تزئین و آرائش کی ذمہ داری ایف سی بلوچستان (سانوتھ) کو سونپی گئی جس نے ملک کے ممتاز اداروں، خصوصاً والڈ سٹی لاہور اتھارٹی کی تکنیکی معاونت سے اسے قلیل مدت میں اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیا۔ وزیر اعلیٰ نے منصوبے کی بروقت اور معیاری تکمیل پر ایف سی بلوچستان (سانوتھ) کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے اسے ایک مثالی اقدام قرار دیا اور اعلان کیا کہ پنجگور کے خضدار اودان فورٹ اور تربت کے پنوں فورٹ سمیت دیگر تاریخی مقامات کی بحالی کی ذمہ داری بھی اسی ادارے کو سونپی جا رہی ہے

## پاکستان نے دانشمندانہ سفارتکاری کا مظاہرہ کیا، وزیر اعلیٰ

وزیر اعظم و فیلڈ مارشل کی قیادت میں ملک کا عالمی تشخص مزید مستحکم ہوا، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (غ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان اسمبلی کے پارلیمانی فورم میں امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی کے تناظر میں ......... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کے مؤثر، متوازن اور سفارتی کردار کے اعتراف میں منظور کی گئی مشترکہ تہنیتی قرارداد کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ یہ قرارداد ایوان بلوچستان کی سیاسی بصیرت، قومی یکجہتی اور ذمہ دارانہ طرز فکر کی عکاسی کرتی ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پاکستان نے ایک امن پسند اور ذمہ دار ریاست کے طور پر عالمی سطح پر جس دانشمندانہ سفارت کاری کا مظاہرہ کیا ہے،

## آئین ریاست و عوام کے مابین عمرانی معاہدہ ہے، وزیر اعلیٰ

1973 کے متفقہ آئین کی منظوری وفاق کی مضبوطی کی علامت ہے، پیغام

کوئٹہ (غ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم دستور کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 10 اپریل 1973 کو متفقہ آئین کی منظوری پاکستان کی تاریخ کا ایک اہم سنگ میل ہے، جو قومی یکجہتی، جمہوری استحکام اور وفاق کی مضبوطی کی روشن ......... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

علامت ہے انہوں نے کہا کہ آئین پاکستان محض ایک قانونی دستاویز نہیں بلکہ ریاست اور عوام کے درمیان ایک مضبوط عمرانی معاہدہ ہے جو ہر شہری کے حقوق اور ریاست کی ذمہ داریوں کا تعین کرتا ہے

## پنجگور، وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر وویمن اسکل ڈویلپمنٹ سینٹر کیلئے 1 ملین فراہم

نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی طالبہ کی حوصلہ افزائی، سمارٹ فون سے نوازا گیا

پنجگور (غ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کی جانب سے ضلع پنجگور کے حالیہ دورے کے موقع پر جاری کردہ ہدایات پر فوری عملدرآمد کرتے ہوئے ضلعی انتظامیہ نے اہم اقدامات مکمل کر لیے ہیں ڈپٹی کمشنر پنجگور رحیم الکبیر زرکون کے مطابق وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر ایک ذہین اور نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی طالبہ کو حوصلہ افزائی کے طور پر ......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

سمارٹ فون فراہم کر دیا گیا ہے جس کا مقصد نوجوانوں میں تعلیمی رجحان کو فروغ دینا اور ان کی صلاحیتوں کی قدر افزائی کرنا ہے اسی طرح وویمن اسکل ڈویلپمنٹ سنٹر کی ترقی اور عملے کے لئے ایک ملین روپے کی مالی معاونت بھی فراہم کر دی گئی ہے تاکہ ادارے کی کارکردگی کو مزید مؤثر بنایا جا سکے اور خواتین کو ہنر مند بنانے کے عمل کو تقویت دی جا سکے ضلعی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے عوامی فلاح و بہبود اور تعلیمی و سماجی ترقی کے منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جا رہا ہے ڈپٹی کمشنر پنجگور نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ضلعی انتظامیہ مستقبل میں بھی حکومت کی ہدایات کے مطابق ایسے اقدامات جاری رکھے گی تاکہ نوجوان اور باصلاحیت افراد کی حوصلہ افزائی ہو اور وہ اجتماعی بہبود کیلئے اپنی صلاحیتیں مزید بہتر طور پر عوامی خدمت کے لئے بروئے کار لاسکیں۔

CamScanner

DIREC
GENERAI
RELATIONS

Bullet No. 1

Page

روزنامہ میزان کوئٹہ
بانی مولانا عبدالکریم
بیاد جمیل الرحمن
بیاد برکت علی
چیف ایڈیٹر: محمد زبیر خان

جلد 77 | ہفتہ 11 اپریل 2026ء، 22 شوال المکرم 1447ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 218

# ...ت کی رٹ ہر صورت برقرار رکھی جائیگی وزیراعلیٰ بلوچستان

...کی منظوری پاکستان کی تاریخ کا ایک اہم سنگِ میل ہے، جو قومی یکجہتی، جمہوری استحکام اور وفاق کی مضبوطی کی روشن علامت ہے آئینِ پاکستان ریاست اور عوام کے درمیان ایک مضبوط عمرانی معاہدہ ہے جو ہر شہری کے حقوق اور ریاست کی ذمہ داریوں ۔ تعین کرتا ہے

...ق کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے کسی کو طاقت کے زور پر اپنا نظریہ مسلط کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی اور قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت کسی کو نہیں دی جاسکتی، میر سرفراز بگٹی کا یوم دستور کے موقع پر خصوصی پیغام

...) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم دستور کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ | 10 اپریل 1973 کو متفقہ آئین کی منظوری پاکستان کی تاریخ کا | ایک اہم سنگِ میل ہے، جو قومی یکجہتی، (بقیہ 2 صفحہ 2 پر)

جمہوری استحکام اور وفاق کی مضبوطی کی روشن علامت ہے انہوں نے کہا کہ آئینِ پاکستان محض ایک قانونی دستاویز نہیں بلکہ ریاست اور عوام کے درمیان ایک مضبوط عمرانی معاہدہ ہے جو ہر شہری کے حقوق اور ریاست کی ذمہ داریوں کا تعین کرتا ہے وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت ہر شہری کے آئینی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ کسی کو طاقت کے زور پر اپنا نظریہ مسلط کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی اور ریاست کی رٹ ہر صورت برقرار رکھی جائے گی انہوں نے کہا کہ قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت کسی کو نہیں دی جاسکتی اور آئین و قانون کی بالادستی ہی ایک مہذب معاشرے کی بنیاد ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ آئین اور پارلیمنٹ ہی عوامی حقوق کے حصول کا مؤثر اور مستند راستہ ہیں بلوچستان کو حاصل ہونے والے تمام حقوق آئینی و پارلیمانی جدوجہد کا نتیجہ ہیں انہوں نے کہا کہ آئین ہمیں عوام کے سامنے جوابدہ بناتا ہے اور ریاستی نظام میں شفافیت اور توازن کو یقینی بناتا ہے انہوں نے آئین و قانون کی بالادستی کے قیام اور ملکی دفاع کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے سیکیورٹی فورسز کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز اور عوام کی عظیم قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی وزیراعلیٰ نے اس بات پر زور دیا کہ جمہوریت کی مضبوطی اور آئینی پاسداری ہی پاکستان کے روشن اور مستحکم مستقبل کی ضمانت ہے انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو آئین کی اہمیت سے آگاہ کرنا وقت کی اہم ضرورت اور قومی ذمہ داری ہے، تاکہ وہ ایک باشعور اور ذمہ دار شہری کے طور پر ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔

## خطے میں کشیدگی کے دوران پاکستان کا امن پسندی کا مظاہرہ قابل فخر ہے

بلوچستان اسمبلی کے پارلیمانی فورم میں امریکہ اور ایران درمیان جنگ بندی کے تناظر میں پاکستان کے مؤثر، متوازن اور سفارتی کردار کے اعتراف میں منظور مشترکہ تہنیتی قرارداد قابل تعریف ہے

یہ قرارداد ایوان بلوچستان کی سیاسی بصیرت، قومی یکجہتی اور ذمہ دارانہ طرزِ فکر کی عکاسی کرتی ہے، پاکستان نے ایک امن پسند اور ذمہ دار ریاست ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان اسمبلی کے پارلیمانی فورم میں امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی کے تناظر میں پاکستان کے مؤثر، متوازن اور سفارتی کردار کے اعتراف میں منظور کی گئی مشترکہ تہنیتی قرارداد کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ یہ قرارداد ایوان بلوچستان کی سیاسی بصیرت، قومی یکجہتی اور ذمہ دارانہ طرزِ فکر کی عکاسی کرتی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پاکستان نے ایک امن (بقیہ 8 صفحہ 2 پر)

پسند اور ذمہ دار ریاست کے طور پر عالمی سطح پر جس دانشمندانہ سفارت کاری کا مظاہرہ کیا ہے، وہ نہ صرف خطے میں کشیدگی کے خاتمے میں معاون ثابت ہوا بلکہ اس نے پاکستان کے مثبت عالمی تشخص کو بھی مزید مستحکم کیا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی کا یہ اقدام قابل تحسین ہے کہ ایوان نے وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت، سفارتی بصیرت اور مو ؟ ثر حکمت عملی کو خراج تحسین پیش کیا ان کی بروقت اور متوازن رہنمائی نے پاکستان کو ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر عالمی برادری میں نمایاں مقام دلایا وزیراعلیٰ نے کہا کہ خطے میں جاری کشیدگی کے دوران پاکستان نے جس دانشمندی، صبر و تحمل اور امن پسندی کا مظاہرہ کیا، وہ قابل فخر ہے اور یہی رویہ مستقبل میں بھی عالمی امن کے فروغ کے لیے پاکستان کے کردار کو مزید مضبوط کرے گا انہوں نے بلوچستان کے پارلیمانی فورم کی جانب سے متفقہ قرارداد کی منظوری کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس سے قومی یکجہتی اور وفاقی اداروں پر اعتماد مزید مستحکم ہوا ہے۔ وزیراعلیٰ نے امید ظاہر کی کہ پاکستان کی یہ سفارتی کاوشیں نہ صرف جاری رہیں گی بلکہ ان کے مثبت نتائج بھی جلد سامنے آئیں گے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان حکومت وفاق کے ساتھ مل کر امن، استحکام اور ترقی کے ایجنڈے کو آگے بڑھاتی رہے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8

روزنامہ میزان کوئٹہ


ہفتہ 11 اپریل 2026ء 22 شوال المکرم 1447ھ

# نوجوانوں کو معیاری تعلیم اور بہتر سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، سرفراز بگٹی

**حکومت بلوچستان ترقیاتی عمل کو تیز، عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور صوبے کے تاریخی ورثے کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنائے گی**

**حکومت صوبے کے تاریخی و ثقافتی ورثے کے تحفظ، خواتین کو بااختیار بنانے اور عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے مربوط اور عملی اقدامات کر رہی ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان کا کھلی کچہری سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا ہے کہ حکومت صوبے کے تاریخی و ثقافتی ورثے کے تحفظ، خواتین کو بااختیار بنانے اور عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے مربوط اور عملی اقدامات کر رہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پنجگور کے دورے کے دوران مختلف ترقیاتی منصوبوں کے افتتاح اور ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) ہیڈ کوارٹر پنجگور رائفلز میں منعقدہ کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے کیا وزیر اعلیٰ نے صوفی بزرگ شاہو قلندر (بقیہ 34 صفحہ 7 پر)



گوادر: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو مشیر برائے اسپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز مینا مجید سووینئر پیش کر رہی ہیں

کے مزار کی بحالی و تزئین و آرائش کا افتتاح کیا جو خستہ حالی کے باعث کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا تھا حکومت بلوچستان کی جانب سے اس اہم روحانی، تاریخی اور ثقافتی ورثے کی بحالی کے لیے 18 ملین روپے کے خصوصی فنڈز فراہم کیے گئے۔ منصوبے کی تعمیر نو، بحالی اور تزئین و آرائش کی ذمہ داری ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کو سونپی گئی جس نے ملک کے ممتاز اداروں، خصوصاً والڈ سٹی لاہور اتھارٹی کی تکنیکی معاونت سے اسے قلیل مدت میں اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیا۔ وزیر اعلیٰ نے منصوبے کی بروقت اور معیاری تکمیل پر ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے اسے ایک مثالی اقدام قرار دیا اور اعلان کیا کہ پنجگور کے خدابادان فورٹ اور تربت کے پنوں فورٹ سمیت دیگر تاریخی مقامات کی بحالی کی ذمہ داری بھی اسی ادارے کو سونپی جا رہی ہے انہوں نے کہا کہ شاہو قلندر مزار کی بحالی سے نہ صرف ایک روحانی مرکز کو نئی زندگی ملی ہے بلکہ صوبے کے قدیمی ورثے میں ایک خوبصورت اور نمایاں اضافہ بھی ہوا ہے دورے کے دوران وزیر اعلیٰ نے ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) پرواز فاؤنڈیشن کے تحت از سر نو قائم وویمن اسکل ڈویلپمنٹ سنٹر (WSDC) کا افتتاح بھی کیا جس کا مقصد خواتین کو ہنر مند بنا کر انہیں معاشی طور پر خود مختار کرنا ہے۔ اس سنٹر میں آئی ٹی، سلائی کڑھائی، آرٹ ورک، بنیادی علمی سہولیات اور مذہبی تربیت سمیت مختلف کورسز کرائے جائیں گے پہلے مرحلے میں 300 طالبات کی کلاسز کا آغاز ہو چکا ہے جبکہ مزید 280 طالبات کی رجسٹریشن مکمل کی جا چکی ہے وزیر اعلیٰ نے سنٹر کی فعالیت اور استعداد بڑھانے کے لیے فیکلٹی ممبران کے لیے 10 لاکھ روپے، انتظامی امور کے لیے 5 لاکھ روپے ماہانہ فراہم کرنے اور آئی ٹی لیب میں خواتین کی گنجائش 20 سے بڑھا کر 100 کرنے کا اعلان کیا، تاکہ زیادہ سے زیادہ خواتین اس سہولت سے مستفید ہو سکیں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے پنجگور رائفلز ہیڈ کوارٹر میں کھلی کچہری میں شرکت کی جہاں انہوں نے عوامی مسائل براہ راست سنے اور متعلقہ حکام کو ان کے فوری حل کے لیے احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر انہوں نے پنجگور میں زیتون کے تیل کے پلانٹ کے قیام کا اعلان کیا تاکہ مقامی معیشت کو فروغ دیا جا سکے، جبکہ شہریوں کے لیے سفری سہولیات کی بہتری کے تحت دو گرین اور ایک پنک بس فراہم کرنے کا بھی اعلان کیا وزیر اعلیٰ نے دہشت گردی سے متاثرہ گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج خدابادان کی مرمت و بحالی کے لیے 10 ملین روپے کی منظوری دی اور بارڈر کراسنگ پر ایف آئی اے امیگریشن ڈیسک کے قیام کی ہدایت جاری کی انہوں نے ون ڈاکومنٹ رجیم کے نفاذ کے بعد عوام کو درپیش مسائل کے فوری حل کے لیے متعلقہ اداروں کو واضح احکامات دیے وزیر اعلیٰ نے یونیورسٹی آف مکران پنجگور کیمپس کو درپیش مسائل کے حل کے لیے محکمہ تعلیم کو فوری اقدامات اٹھانے کی ہدایت کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ نوجوانوں کو معیاری تعلیم اور بہتر سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان ترقیاتی عمل کو مزید تیز کرتے ہوئے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور صوبے کے تاریخی ورثے کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنائے گی۔

CamScanner

Bullet No. 1 Page No. 10

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA
روزنامہ باخبر کوئٹہ
بانی اکرام اللہ خان
جلد 30 | ہفتہ 11 اپریل 2026ء بمطابق 22 شوال 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 100

# کسی کو طاقت کے زور پر اپنا نظریہ مسلط کرنے کی اجازت نہیں دی جائیگی، وزیراعلیٰ

10 اپریل 1973 کو متفقہ آئین کی منظوری پاکستان کی تاریخ کا ایک اہم سنگِ میل ہے، جو قومی یکجہتی، جمہوری استحکام اور وفاق کی مضبوطی کی روشن علامت ہے

**آئینِ قومی یکجہتی اور جمہوری استحکام کی بنیاد ہے نوجوان نسل کو آئین کی اہمیت سے آگاہ کرنا وقت کی اہم ضرورت اور قومی ذمہ داری ہے، یوم دستور پر پیغام**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم دستور کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 10 اپریل 1973 کو متفقہ آئین کی منظوری پاکستان کی تاریخ کا ایک اہم سنگِ میل ہے، جو قومی یکجہتی، جمہوری استحکام اور وفاق کی مضبوطی کی روشن علامت ہے انہوں نے کہا کہ آئینِ پاکستان محض ایک قانونی دستاویز نہیں بلکہ ریاست اور عوام کے درمیان ایک مضبوط عمرانی معاہدہ ہے جو ہر شہری کے حقوق اور ریاست کی ذمہ داریوں کا تعین کرتا ہے وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت ہر شہری کے آئینی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ کسی کو طاقت کے زور پر اپنا نظریہ مسلط کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی اور ریاست کی رٹ ہر صورت برقرار رکھی جائے گی انہوں نے کہا کہ قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت کسی کو نہیں دی جاسکتی اور آئین و قانون کی بالادستی ہی ایک مہذب معاشرے کی بنیاد ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ آئین اور پارلیمنٹ ہی عوامی حقوق کے حصول کا مؤثر اور مستند راستہ ہیں بلوچستان کو حاصل ہونے والے تمام حقوق آئینی و پارلیمانی جدوجہد کا نتیجہ ہیں انہوں نے کہا کہ آئین ہمیں عوام کے سامنے جوابدہ بناتا ہے اور ریاستی نظام میں شفافیت اور توازن کو یقینی بناتا ہے انہوں نے آئین و قانون کی بالادستی کے قیام اور ملکی دفاع کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے سیکیورٹی فورسز کے شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز اور عوام کی عظیم قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی وزیراعلیٰ نے اس بات پر زور دیا کہ جمہوریت کی مضبوطی اور آئینی پاسداری ہی پاکستان کے روشن اور مستحکم مستقبل کی ضمانت ہے انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو آئین کی اہمیت سے آگاہ کرنا وقت کی اہم ضرورت اور قومی ذمہ داری ہے، تاکہ وہ ایک باشعور اور ذمہ دار شہری کے طور پر ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔

## بلوچستان اسمبلی کی مشترکہ تہنیتی قرارداد قابلِ تحسین ہے، سرفراز بگٹی

**قرارداد میں پاکستان کے سفارتی کردار کو سراہنا قومی یکجہتی اور بصیرت کی عکاسی کرتا ہے، وزیراعلیٰ**

کوئٹہ (نیوز ایجنسیاں) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی کے تناظر میں بلوچستان اسمبلی کے فورم پر منظور کی گئی مشترکہ تہنیتی قرارداد کا خیر مقدم کرتے ہوئے اظہارِ مسرت کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے ایکس پر پوسٹ کرتے ہوئے کہا کہ پارلیمانی فورم کی یہ متفقہ قرارداد قابلِ تحسین ہے، جو پاکستان کے مؤثر سفارتی کردار اور قومی یکجہتی کی عکاسی کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر کشیدگی کے دوران پاکستان نے متوازن اور دانشمندانہ سفارت کاری کا مظاہرہ کرتے ہوئے امن کے قیام میں اہم کردار ادا کیا۔ وزیراعلیٰ کا کہنا تھا کہ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت نے بروقت اور مؤثر حکمت عملی کے ذریعے پاکستان کا مثبت تشخص مزید مستحکم کیا اور ملک کو عالمی برادری میں نمایاں مقام دلایا۔ انہوں نے مزید کہا کہ خطے میں کشیدگی کے باوجود پاکستان نے صبر، تحمل اور امن پسندی کا عملی مظاہرہ کیا، جو مستقبل میں بھی عالمی امن کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان حکومت وفاق کے ساتھ مل کر امن، استحکام اور ترقی کے ایجنڈے کو آگے بڑھاتی رہے گی



•نجکو ز وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کھلی کچہری میں عوام کے مسائل پر گفتگو کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE
DIRECT…
GENERAL…
RELATIONS…
Bullet No. 1
Page

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA
روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: محمد انور ناصر
جلد 29 | Ph :2839851 | FaX:2839867 | قیمت 15 روپے | شمارہ 48
ہفتہ 11 اپریل 2026ء | 22 شوال | 1447ھ | MEMBER OF APNS | رجسٹرڈ ایل سی پی-10

# آئین محض قانونی دستاویز نہیں ایک مضبوط عمرانی معاہدہ ہے، میر سرفراز بگٹی

## قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت کسی کو نہیں دی جاسکتی آئین اور پارلیمنٹ ہی عوامی حقوق کے حصول کا مؤثر اور مستند راستہ ہیں، پیغام

## حکومت صوبے کے تاریخی وثقافتی ورثے کے تحفظ، خواتین کو بااختیار بنانے حل کے لیے مربوط اور عملی اقدامات کر رہی ہے، کھلی کچہری سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم دستور کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 10 اپریل 1973 کو متفقہ آئین کی منظوری پاکستان کی تاریخ کا ایک اہم سنگِ میل ہے، جو قومی یکجہتی، جمہوری استحکام اور وفاق کی مضبوطی کی روشن علامت ہے انہوں نے کہا کہ آئینِ پاکستان محض ایک قانونی دستاویز نہیں بلکہ ریاست اور عوام کے درمیان ایک مضبوط عمرانی معاہدہ ہے جو ہر شہری کے حقوق اور ریاست کی ذمہ داریوں کا تعین کرتا ہے وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت ہر شہری کے آئینی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ کسی کو طاقت کے زور پر اپنا نظریہ مسلط کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی اور ریاست کی رٹ ہر صورت برقرار رکھی جائے گی انہوں نے کہا کہ قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت کسی کو نہیں دی جاسکتی اور آئین و قانون کی بالادستی ہی ایک مہذب معاشرے کی بنیاد ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ آئین اور پارلیمنٹ ہی عوامی حقوق کے حصول کا مؤثر اور مستند راستہ ہیں بلوچستان کو حاصل ہونے والے تمام حقوق آئینی و پارلیمانی جدوجہد کا نتیجہ ہیں انہوں نے کہا کہ آئین ہمیں عوام کے سامنے جوابدہ بناتا ہے اور ریاستی نظام میں شفافیت اور توازن کو یقینی بناتا ہے انہوں نے آئین و قانون کی بالادستی کے قیام اور ملکی دفاع کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے سیکیورٹی فورسز کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز اور عوام کی عظیم قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی وزیراعلیٰ نے اس بات پر زور دیا کہ جمہوریت کی مضبوطی اور آئینی پاسداری ہی پاکستان کے روشن اور مستحکم مستقبل کی ضمانت ہے انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو آئین کی اہمیت سے آگاہ کرنا وقت کی اہم ضرورت اور قومی ذمہ داری ہے، تاکہ وہ ایک باشعور اور ذمہ دار شہری کے طور پر ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔

# اسمبلی سے تہنیتی قرارداد کی منظوری خوش آئند ہے، وزیراعلیٰ

## یہ قرارداد ایوان بلوچستان کی سیاسی بصیرت اور قومی یکجہتی کی عکاسی کرتی ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان اسمبلی کے پارلیمانی فورم میں امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی کے تناظر میں پاکستان کے مؤثر، متوازن اور سفارتی کردار کے اعتراف میں منظور کی گئی مشترکہ تہنیتی قرارداد کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ یہ قرارداد ایوان بلوچستان کی سیاسی بصیرت، قومی یکجہتی اور ذمہ دارانہ طرز فکر کی عکاسی کرتی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پاکستان نے ایک امن پسند اور ذمہ دار ریاست کے طور پر عالمی سطح پر جس دانشمندانہ سفارت کاری کا مظاہرہ کیا ہے، وہ نہ صرف خطے میں کشیدگی کے خاتمے میں معاون ثابت ہوا بلکہ اس نے پاکستان کے مثبت عالمی تشخص کو بھی مزید مستحکم کیا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی کا یہ اقدام قابل تحسین ہے کہ ایوان نے وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت، سفارتی بصیرت اور مؤثر حکمت عملی کو خراج تحسین پیش کیا ان کی بروقت اور متوازن رہنمائی نے پاکستان کو ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر عالمی برادری میں نمایاں مقام دلایا وزیراعلیٰ نے کہا کہ خطے میں جاری کشیدگی کے دوران پاکستان نے جس دانشمندی، صبر و تحمل اور امن پسندی کا مظاہرہ کیا، وہ قابل فخر ہے اور یہی رویہ مستقبل میں بھی عالمی امن کے فروغ کے لیے پاکستان کے کردار کو مزید مضبوط کرے گا انہوں نے بلوچستان کے پارلیمانی فورم کی جانب سے متفقہ قرارداد کی منظوری کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس سے قومی یکجہتی اور وفاقی اداروں پر اعتماد مزید مستحکم ہوا ہے۔ وزیراعلیٰ نے امید ظاہر کی کہ پاکستان کی یہ سفارتی کاوشیں نہ صرف جاری رہیں گی بلکہ ان کے مثبت نتائج بھی جلد سامنے آئیں گے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان حکومت وفاق کے ساتھ مل کر امن، استحکام اور ترقی کے ایجنڈے کو آگے بڑھاتی رہے گی۔

# وزیراعلیٰ بلوچستان کا دورہ پنجگور، جاری ہدایات پر عملدرآمد

## طالبہ کو حوصلہ افزائی کے طور پر سمارٹ فون فراہم کر دیا گیا

پنجگور (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کی جانب سے ضلع پنجگور کے حالیہ دورے کے موقع پر جاری کردہ ہدایات پر فوری عملدرآمد کرتے ہوئے ضلعی انتظامیہ نے اہم اقدامات مکمل کر لیے ہیں ڈپٹی کمشنر پنجگور عبدالکبیر زرکون کے مطابق وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر ایک ذہین اور نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی طالبہ کو حوصلہ افزائی کے طور پر سمارٹ فون فراہم کر دیا گیا ہے جس کا مقصد نوجوانوں میں تعلیمی رجحان کو فروغ دینا اور ان کی صلاحیتوں کی قدر افزائی کرنا ہے اسی طرح ویمن اسکل ڈویلپمنٹ سنٹر کی پرنسپل اور عملے کے لیے ایک ملین روپے کی مالی معاونت بھی فراہم کر دی گئی ہے تاکہ ادارے کی کارکردگی کو مزید مؤثر بنایا جاسکے

CLIPPING SERVICE

DIRECT
GENERAL
RELATIONS B

نظامت اعلیٰ
حکومت

Bullet No. 1

Page No. 12

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال

چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 81 | ہفتہ 11 اپریل 2026ء 22 شوال 1447ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 100

# ترقیاتی عمل کو مزید تیز کرکے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائیں گے

## وزیر اعلیٰ بلوچستان

### کومت صوبے کے تاریخی و ثقافتی ورثے کے تحفظ، خواتین کو بااختیار بنانے اور عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے مربوط اور عملی اقدامات کر رہی ہے

### ئین پاکستان ہماری قومی یکجہتی اور مضبوط وفاق کی بنیاد ہے کہ ریاست ہر شہری کے آئینی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے پُرعزم ہے

ئٹہ (این این آئی، آئی این پی) وزیر اعلیٰ ستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا ہے کہ حکومت ے کے تاریخی و ثقافتی ورثے کے تحفظ، خواتین کو بااختیار بنانے اور عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے مربوط اور عملی اقدامات کر رہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پنجگور کے دورے کے دوران مختلف ترقیاتی منصوبوں کے افتتاح اور ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) ہیڈکوارٹر پنجگور رخشان میں منعقدہ کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے کیا وزیر اعلیٰ نے صوفی بزرگ شاہو قلندر کے مزار کی بحالی و تزئین و آرائش کا افتتاح کیا جو خستہ حالی کے باعث کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا تھا حکومت بلوچستان کی جانب سے اس اہم روحانی، تاریخی اور ثقافتی ورثے کی بحالی کے لیے 18 ملین روپے کے خصوصی فنڈز فراہم کیے گئے۔ منصوبے کی تعمیر نو، بحالی اور تزئین و آرائش کی ذمہ داری ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کو سونپی گئی جس نے ملک کے ممتاز اداروں، خصوصاً والڈ سٹی لاہور اتھارٹی کی تکنیکی معاونت سے اسے قلیل مدت میں اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیا۔ وزیر اعلیٰ نے منصوبے کی بروقت اور معیاری تکمیل پر ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے اسے ایک مثالی اقدام قرار دیا اور اعلان کیا کہ پنجگور کے خدابادان فورٹ اور تربت کے پنوں فورٹ سمیت دیگر تاریخی مقامات کی بحالی کی ذمہ داری بھی اسی ادارے کو سونپی جا رہی ہے انہوں نے کہا کہ شاہو قلندر مزار کی بحالی سے نہ صرف ایک روحانی مرکز کو نئی زندگی ملی ہے بلکہ صوبے کے قدیمی ورثے میں ایک خوبصورت اور نمایاں اضافہ بھی ہوا ہے دورے کے دوران وزیر اعلیٰ نے ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) پرواز فاؤنڈیشن کے تحت ازسرنو قائم وومن اسکل ڈویلپمنٹ سنٹر (WSDC) کا افتتاح بھی کیا جس کا مقصد خواتین کو ہنرمند بنا کر انہیں معاشی طور پر خود مختار کرنا ہے۔ اس سنٹر میں آئی ٹی، سلائی کڑھائی، آرٹ ورک، بنیادی طبی سہولیات اور مذہبی تربیت سمیت مختلف کورسز کرائے جائیں گے پہلے مرحلے میں 300 طالبات کی کلاسز کا آغاز ہو چکا ہے جبکہ مزید 280 طالبات کی رجسٹریشن مکمل کی جا چکی ہے وزیر اعلیٰ نے سنٹر کی فعالیت اور استعداد بڑھانے کے لیے فیکلٹی ممبران کے لیے 10 لاکھ روپے، انتظامی امور کے لیے 5 لاکھ روپے ماہانہ فراہم کرنے اور آئی ٹی لیب میں خواتین کی گنجائش 20 سے بڑھا کر 100 کرنے کا اعلان کیا، تاکہ زیادہ سے زیادہ خواتین اس سہولت سے مستفید ہو سکیں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے پنجگور رخشان ہیڈکوارٹر میں کھلی کچہری میں شرکت کی جہاں انہوں نے عوامی مسائل براہ راست سنے اور متعلقہ حکام کو ان کے فوری حل کے لیے احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر انہوں نے پنجگور میں زیتون کے تیل کے پلانٹ کے قیام کا اعلان کیا تاکہ مقامی معیشت کو فروغ دیا جا سکے، جبکہ شہریوں کے لیے سفری سہولیات کی بہتری کے تحت دو گرین اور ایک پنک بس فراہم کرنے کا بھی اعلان کیا وزیر اعلیٰ نے دہشت گردی سے متاثرہ گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج خدابادان کی مرمت و بحالی کے لیے 10 ملین روپے کی منظوری دی اور بارڈر کراسنگ پر ایف آئی اے امیگریشن ڈیسک کے قیام کی ہدایت جاری کی انہوں نے ون ڈاکومنٹ رجیم کے نفاذ کے بعد عوام کو درپیش مسائل کے فوری حل کے لیے متعلقہ اداروں کو واضح احکامات دیے وزیر اعلیٰ نے یونیورسٹی آف مکران پنجگور کیمپس کو درپیش مسائل کے حل کے لیے محکمہ تعلیم کو فوری اقدامات اٹھانے کی ہدایت کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ نوجوانوں کو معیاری تعلیم اور بہتر سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان ترقیاتی عمل کو مزید تیز کرتے ہوئے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور صوبے کے تاریخی ورثے کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنائے گی۔ دریں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ آئین و قانون کی بالادستی اور ملکی دفاع میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے سیکیورٹی فورسز کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 10 اپریل 1973 کو متفقہ آئین کی منظوری قومی یکجہتی اور جمہوری استحکام کی روشن مثال ہے، جبکہ آئین پاکستان ہماری قومی یکجہتی اور مضبوط وفاق کی بنیاد ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ریاست ہر شہری کے آئینی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے پُرعزم ہے اور کسی کو طاقت کے زور پر اپنا نظریہ مسلط کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ ریاست کی رٹ ہر صورت برقرار رکھی جائے گی اور قانون ہاتھ میں لینے کی کسی کو اجازت نہیں۔ میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ آئین اور پارلیمنٹ ہی عوامی حقوق کے حصول کا موثر اور مستند راستہ ہیں اور بلوچستان کو حاصل ہونے والے تمام حقوق آئینی و پارلیمانی جدوجہد کے نتیجے میں ملے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئین ہمیں عوام کے سامنے جوابدہ بناتا ہے اور ریاستی نظام میں شفافیت فراہم کرتا ہے، جبکہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز اور عوام کی عظیم قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی۔ وزیر اعلیٰ نے مزید کہا کہ جمہوریت کی مضبوطی اور آئینی پاسداری ہی پاکستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے اور نوجوان نسل کو آئین کی اہمیت سے آگاہ کرنا ہم سب کی قومی ذمہ داری ہے۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان
Bullet No. 1
Page No. 13

Daily Qudrat Quetta
قدرت کوئٹہ
چیف ایڈیٹر نعمت اللہ
صفحات 8 قیمت 15 روپے
جلد 22 | ہفتہ 11 اپریل 2026ء، 22 شوال 1447ھ | شمارہ 67

وزیراعلیٰ بلوچستان

# ...پاکستان قومی یکجہتی اور وفاق کی مضبوطی کی علامت ہے

...کے لیے مکمل طور پر پرعزم ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے واضح پیغام دیا کہ کسی کو بھی طاقت کے زور پر اپنا نظریہ مسلط کرنے یا قانون ہاتھ میں لینے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے زور دیا کہ ریاست کی رٹ ہر صورت برقرار رکھی جائے گی، کیونکہ آئین و قانون کی بالادستی ہی ایک مہذب معاشرے کی بنیاد ہے

...بڑھانے کے لیے کمیٹی ممبران کے لیے 10 لاکھ روپے، انتظامی امور کے لیے 5 لاکھ روپے ماہانہ فراہم کرنے، آئی ٹی لیب میں خواتین کی گنجائش 20 سے بڑھا کر 100 کرنے کا اعلان کیا تاکہ زیادہ سے زیادہ خواتین اس سہولت...

کوئٹہ (پی این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم دستور کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں 10 اپریل 1973 کو متفقہ آئین کی منظوری کو پاکستان کی تاریخ کا ایک اہم سنگ میل قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دستور قومی یکجہتی، جمہوری استحکام اور وفاق

بقیہ 1 صفحہ 6 پر

کی مضبوطی کی روشن علامت ہے جو ریاست اور عوام کے درمیان ایک مضبوط عمرانی معاہدے کے طور پر ہر شہری کے حقوق کا تعین کرتا ہے۔ وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت ہر شہری کے آئینی حقوق کے تحفظ کے لیے مکمل طور پر پرعزم ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے واضح پیغام دیا کہ کسی کو بھی طاقت کے زور پر اپنا نظریہ مسلط کرنے یا قانون ہاتھ میں لینے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے زور دیا کہ ریاست کی رٹ ہر صورت برقرار رکھی جائے گی، کیونکہ آئین و قانون کی بالادستی ہی ایک مہذب معاشرے کی بنیاد ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کو حاصل ہونے والے تمام حقوق آئینی و پارلیمانی جدوجہد کا ثمر ہیں اور پارلیمنٹ ہی عوامی حقوق کے حصول کا واحد مستند راستہ ہے۔ وزیراعلیٰ نے آئین کی بالادستی اور ملکی دفاع کی خاطر جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے سیکیورٹی فورسز کے شہدا کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں دی گئی عظیم قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ میر سرفراز بگٹی نے مزید کہا کہ جمہوریت کی مضبوطی آئین کی پاسداری میں ہے اور نوجوان نسل کو آئین کی اہمیت سے آگاہ کرنا ہماری قومی ذمہ داری ہے تاکہ وہ ملک کی ترقی میں باشعور شہری کے طور پر اپنا کردار ادا کر سکیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا ہے کہ حکومت صوبے کے تاریخی و ثقافتی ورثے کے تحفظ، خواتین کو بااختیار بنانے اور عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے مربوط اور عملی اقدامات کر رہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگچر کے دورے کے دوران مختلف ترقیاتی منصوبوں کے افتتاح اور ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) ہیڈکوارٹر منگچر رینگلو میں منعقدہ کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعلیٰ نے صوفی بزرگ شاہ محمود کے مزار کی بحالی و تزئین و آرائش کا افتتاح کیا جو خستہ حالی کے باعث کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا تھا حکومت بلوچستان کی جانب سے اس اہم روحانی، تاریخی اور ثقافتی ورثے کی بحالی کے لیے 18 ملین روپے کے خصوصی فنڈز فراہم کیے گئے۔ منصوبے کی تعمیر نو، بحالی اور تزئین و آرائش کی ذمہ داری ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کو سونپی گئی جس نے ملک کے ممتاز اداروں، خصوصاً والڈ سٹی لاہور اتھارٹی کی تکنیکی معاونت سے اسے قلیل مدت میں اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیا۔ وزیراعلیٰ نے منصوبے کی بروقت اور معیاری تکمیل پر ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے اسے ایک مثالی اقدام قرار دیا اور اعلان کیا کہ منگچر کے خداداد فورٹ اور تربت کے [illegible] فورٹ سمیت دیگر تاریخی مقامات کی بحالی کی ذمہ داری بھی اسی ادارے کو سونپی جا رہی ہے انہوں نے کہا کہ شاہ محمود مزار کی بحالی سے نہ صرف ایک روحانی مرکز کو نئی زندگی ملی ہے بلکہ صوبے کے ثقافتی ورثے میں ایک خوبصورت اور نمایاں اضافہ بھی ہوا ہے دورے کے دوران وزیراعلیٰ نے ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کی [illegible] فاؤنڈیشن کے تحت ازسرنو قائم وومن اسکل ڈویلپمنٹ سنٹر (WSDC) کا افتتاح بھی کیا جس کا مقصد خواتین کو ہنرمند بنا کر انہیں معاشی طور پر خودمختار کرنا ہے۔ اس سنٹر میں آئی ٹی، سلائی کڑھائی، آرٹ ورک، بنیادی طبی سہولیات اور مذہبی تربیت سمیت مختلف کورسز کرائے جائیں گے پہلے مرحلے میں 300 طالبات کی کلاسز کا آغاز ہو چکا ہے جبکہ مزید 280 طالبات کی رجسٹریشن مکمل کی جا چکی ہے وزیراعلیٰ نے سنٹر کی فعالیت اور استعداد بڑھانے کے لیے کمیٹی ممبران کے لیے 10 لاکھ روپے، انتظامی امور کے لیے 5 لاکھ روپے ماہانہ فراہم کرنے اور آئی ٹی لیب میں خواتین کی گنجائش 20 سے بڑھا کر 100 کرنے کا اعلان کیا تاکہ زیادہ سے زیادہ خواتین اس سہولت سے مستفید ہو سکیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے منگچر رینگلو ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری میں شرکت کی جہاں انہوں نے عوامی مسائل براہ راست سنے اور متعلقہ حکام کو ان کے فوری حل کے لیے احکامات جاری کیے۔

CLIPPING SERVICE

Balochistan
92 NEWS MEDIA GROUP
balochistanti
Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1424 QUETTA Saturday A

# Bugti inaugurates heritage restoration, women skill development projects in Panjgur

**Staff Report**

QUETTA:Chief Minister of Balochistan Mir Sarfraz Ahmed Bugti stated that the government is taking coordinated and practical measures to preserve the province's historical and cultural heritage, empower women, and ensure the prompt resolution of public issues. He expressed these views during his visit to Panjgur, where he inaugurated various development projects and addressed an open public forum held at the FC Balochistan (South) Headquarters Panjgur Rifles.

The Chief Minister inaugurated the restoration and renovation of the shrine of Sufi saint Shahu Qalandar, which had fallen into disrepair and resembled ruins. The Government of Balochistan allocated special funds of 18 million rupees for the restoration of this important spiritual, historical, and cultural heritage site. The responsibility for reconstruction, restoration, and renovation was assigned to FC Balochistan (South), which completed the project to a high standard within a short period, with technical assistance from leading national institutions, particularly the Walled City of Lahore Authority.

The Chief Minister praised the timely and high-quality completion of the project by FC Balochistan (South), calling it a model initiative. He announced that the restoration of other historical sites, including Khudabadan Fort in Panjgur and Punnu Fort in Turbat, would also be entrusted to the same institution. He said that the restoration of Shahu Qalandar's shrine has not only revived a spiritual center but also added a beautiful and prominent element to the province's ancient heritage.

During the visit, the Chief Minister also inaugurated the Women Skill Development Center (WSDC), reestablished under the FC Balochistan (South) Parwaz Foundation, aimed at equipping women with skills to make them economically independent. The center will offer various courses, including IT, tailoring and embroidery, artwork, basic medical facilities, and religious education. In the first phase, classes for 300 female students have already begun, while registration for an additional 280 students has been completed.

The Chief Minister announced funding to enhance the center's functionality and capacity, including 1 million rupees for faculty members and 500,000 rupees monthly for administrative expenses. He also announced increasing the capacity of the IT lab from 20 to 100 women so that more women can benefit from the facility.

The Chief Minister attended an open public forum at the Panjgur Rifles Headquarters, where he directly listened to public issues and issued instructions to relevant authorities for their immediate resolution. On this occasion, he announced the establishment of an olive

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 11 APR 2026 Page No 16

# امریکہ ایران تنازعہ ختم کرنے میں وزیراعظم فیلڈ مارشل کا کردار اہم ہے صوبائی وزراء

## پاکستان کے ساتھ غداری کرنے والے آج بوکھلاہٹ کا شکار ہیں، صوبائی وزراء میر ضیاء اللہ لانگو، میر شعیب نوشیروانی

## آج پاکستان نے ذمہ دار اور امن دوست ریاست کی حیثیت سے عالمی سطح پر شہرت حاصل کی، عاصم کرد گیلو، حاجی ولی نورزئی

## آج پوری دنیا پاکستان کی امن کیلئے کوششوں کی معترف ہے، اسمبلی اجلاس کے بعد وزراء کی میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزراء نے کہا ہے کہ پاکستان کے ایران اور امریکہ جنگ میں کردار نے یہ ثابت کردیا کہ پاکستان ایک پرامن اور جمہوری ملک ہے وہ خطے میں امن برقرار اور بین الاقوامی سطح پر بھی جنگوں کے خلاف ہے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزیراعظم کی کوششوں کی بدولت آج ایران امریکہ اور اسرائیل کی سیز فائر روک دی گئی ہے جس پر ہم انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں پاکستان کے ساتھ غداری کرنے والے ممالک آج بوکھلاہٹ کے شکار ہیں پاکستان ایک مضبوط ریاست تھا اور تا حیات قائم ودائم رہے گا ان خیالات کا......... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

اظہار صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو، حاجی ولی محمد نورزئی اور دیگر اسمبلی اجلاس کے بعد میڈیا سے الگ الگ بات چیت کرتے ہوئے کیا صوبائی وزراء نے کہا ہے کہ خطے میں جاری جنگ کے دوران وزیراعظم میاں شہباز شریف اور فیلڈ مارشل کے کردار کو سراہتے ہیں میاں شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے کردار کو اعلیٰ نمونہ قرار دیتے ہیں ایران امریکہ تنازعہ میں وزیراعظم اور فیلڈ مارشل نے بہترین سفارتی کاری کی پاکستان نے ایک ذمہ دار اور امن دوست ریاست کی حیثیت سے عالمی قیادت کی توجہ حاصل کی بلوچستان کا یہ ایوان وزیراعظم پاکستان اور فیلڈ مارشل کی سفارتی بصیرت اور بہترین قیادت کو سراہتا ہے آج پاکستان کے ملکی وقار اور بین الاقوامی ساکھ میں اضافے میں وزیراعظم پاکستان اور فیلڈ مارشل ایک بہترین نمونہ عالمی امن کے تحفظ کیلئے پاکستان کے سنجیدہ اور متوازن کردار کو مستقبل میں بھی مضبوطی ملے گی امید ہے کہ پاکستان کی کاوشیں رنگ لائیں

# 10 اپریل پاکستان کی تاریخ میں سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے، علی حسن زہری

## شہید ذوالفقار علی بھٹو کی بدولت وطن عزیز کو متفقہ اسلامی اور جمہوری آئین حاصل ہوا، رہنما پی پی

حب (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، ترجمان صدر آصف علی زرداری و پی پی پی کے سینئر نائب صدر بلوچستان میر علی حسن زہری نے قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 1973 کے متفقہ آئین کی تیاری اور منظوری میں قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کا کردار انتہائی اہم تھا۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ 10 اپریل 1973 پاکستان کی تاریخ کا وہ سنہرا دن ہے جب اس وطن عزیز کو اس کا متفقہ اسلامی......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

اور جمہوری آئین حاصل ہوا یہ دن پاکستان کی سیاسی تاریخ میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے جب تمام سیاسی جماعتوں نے مل کر ایک آئین کی منظوری دی جو نہ صرف اسلامی اصولوں پر مبنی تھا بلکہ جمہوری روایات کو بھی مستحکم کرنے کا عہد کرتا تھا۔ اس آئین نے پاکستان کو ایک مضبوط، مستحکم اور آئینی بنیاد فراہم کی جس نے ملک کے مستقبل کے لیے ایک واضح راستہ متعین کیا۔ میر علی حسن زہری نے مزید کہا کہ اس عظیم تاریخی لمحے میں قائد عوام کی قیادت میں پاکستان کے عوام کو ایک ایسا آئین ملا جو نہ صرف ان کے سیاسی حقوق کی ضمانت دیتا تھا بلکہ معاشرتی انصاف اور مساوات کے اصولوں پر بھی مبنی تھا۔ انہوں نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو کی جرات مندانہ قیادت اور سیاسی بصیرت نے پاکستان کو ایک ایسا آئین دیا جس میں عوام کے حق حکمرانی کو تسلیم کیا گیا اور ملک کو ایک جمہوری و آئینی راستے پر گامزن کیا۔ ان کی جدوجہد اور عزم نے اس آئین کو تشکیل دینے میں کلیدی کردار ادا کیا جس کی بدولت پاکستان کی سیاست میں استحکام آیا اور عوام کو ایک متفقہ آئینی ڈھانچے کی شکل میں اپنی تقدیر کے فیصلے کرنے کا اختیار ملا۔ دریں اثناء اپنے بیان میں میر علی حسن زہری نے ترقیاتی کاموں کے حوالے سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ضلع حب میں حب ماسٹر پلان کے ذریعے سینکڑوں عوامی مفادات کے ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد تیزی سے جاری ہے جن کی تکمیل سے عوام کو سہولیات کی فراہمی میں مزید بہتری آئے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ صدر آصف علی زرداری اور بلاول بھٹو زرداری کی مدبرانہ اور ولولہ انگیز قیادت اور سینئر رہنماؤں کے ساتھ مل کر پاکستان پیپلز پارٹی عوام میں اپنی جڑیں مزید گہری کر رہی ہے اور عوام سے کئے گئے وعدے پورے کئے جا رہے ہیں۔

# سردار ذوالفقار کھوسہ عوامی خدمت کے جذبے سے سرشار رہنماء تھے، سردار کھیتران

## مرحوم کی عوامی فلاح و بہبود کیلئے خدمات ناقابل فراموش ہیں، صوبائی وزیر پی ایچ ای

کوئٹہ (خ ن) سابق گورنر پنجاب سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ کے انتقال پر صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران کی جانب سے گہرے رنج و غم کا اظہار کیا گیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں سردار عبدالرحمان کھیتران نے کہا کہ سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ ایک مدبر سیاستدان، نفیس انسان اور عوامی خدمت کے جذبے سے سرشار رہنماء تھے انہوں نے اپنی سیاسی زندگی میں عوام کی فلاح و بہبود کیلئے نمایاں خدمات انجام دیں، جنہیں ہمیشہ یاد رکھا جائے......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

گا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ مرحوم کی وفات ملکی سیاست کے لیے ایک بڑا نقصان ہے اور ان کی کمی دیر تک محسوس کی جائے گی۔ انہوں نے مرحوم کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق دے آمین۔

# سردار ذوالفقار علی کھوسہ زیرک سیاسی رہنماء تھے، صوبائی وزیر داخلہ

## مرحوم کا تجربہ ملک و قوم کیلئے قیمتی اثاثہ تھا، میر ضیاء اللہ لانگو

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے بزرگ و سینئر سیاستدان سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اپنے جاری کردہ تعزیتی بیان میں میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ کی سیاسی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا وہ ایک زیرک اور معاملہ فہم رہنماء تھے جن کی رہنمائی اور تجربہ ملک و قوم کا قیمتی اثاثہ تھے انہوں نے مرحوم کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہو......... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

ئے کہا کہ وہ اس غم کی گھڑی میں سوگوار خاندان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے آمین۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily JANG QUETTA
Bullet No. 2
Dated: 11 APR 2026
Page No. 18

# بلوچستان اسمبلی، پاکستان کے کامیاب ثالثی کردار پر تہنیتی قرارداد منظور

**وزیراعظم، فیلڈ مارشل کو خراج تحسین**

**پاکستان نے ایک ذمہ دار اور امن دوست قوم کی حیثیت سے عالمی توجہ حاصل کی، شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر نوبل پیس پرائز کے حقدار ہیں، ارکان**

**تحصیل حرمزئی، کربلا اور سرانان پر مشتمل نیا ضلع بنانے، پسنی فش ہاربر کی بحالی سے متعلق دو قراردادیں بھی متفقہ طور پر منظور کرلی گئیں**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی میں امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی پر پاکستان کی سفارتی کوششوں اور ثالثی کے کردار پر تہنیتی قرارداد متفقہ طور پر منظور کرلی گئی، امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی میں پاکستان کا مصالحتی کردار اور سفارتی کامیابی کا تاریخ کا روشن باب ہے، وزیراعظم میاں محمد نواز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی کوششوں نے دنیا کو پیغام دیا کہ پاکستان ایک پرامن ملک ہے اور دنیا میں امن چاہتا ہے، سیاسی اور عسکری قیادت نے بروقت معاملہ فہمی کا ادراک کرتے ہوئے قدم بڑھایا جو انسانیت کی بقاء کیلئے ہے امید ہے کہ یہ مذاکرات کامیابی کی طرف جائیں گے، وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نوبل پیس پرائز کے حقدار ہیں مشترکہ تہنیتی قرارداد پر ارکان کا اظہار خیال۔ بلوچستان اسمبلی میں جمعہ کو صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے اپنی میر شعیب نوشیروانی، علی مدد جتک، حاجی نور محمد دمڑ، اصغر رند، ولی محمد نورزئی، ہادیہ نواز، خیر جان بلوچ، اشوک کمار، فرح عظیم شاہ اور شاہدہ رؤف کی مشترکہ تہنیتی قرارداد ایوان میں پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایوان حالیہ بین الاقوامی تنازعے میں پاکستان کی سفارتی اور حکومتی قیادت کی ثالثی کے کردار کو سراہتا اور امریکہ، ایران کے درمیان جنگ بندی کے خوش آئند پیش رفت پر اپنی دلی خوشی کا اظہار کرتا ہے اور اس سلسلے میں بروقت متوازن پرامن اور نتیجہ خیز کردار پر خراج تحسین پیش کرتا ہے، یہ ایوان پاکستان کے وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی سفارتی بصیرت، بہترین قیادت اور عالمی امن کیلئے کی جانی والی بے مثال خدمات کو سراہاتا ہے، جنہوں نے تمام بین الاقوامی و علاقائی قوتوں سے مفاہمت اور پرامن حل کی راہ ہموار کی۔ یہ ایوان تسلیم کرتا ہے کہ پاکستان نے ایک ذمہ دار اور امن دوست قوم کی حیثیت سے عالمی قیادت کی توجہ حاصل کی جس کی نتیجے میں ممکنہ بڑے تنازعے کو جنگی بحران میں تبدیل ہونے سے روکا جس سے خطے اور دنیا بھر میں امن و استحکام کا ماحول قائم ہوا، بلوچستان اسمبلی کا یہ ایوان سفارتی اقدامات، ملکی وقار اور بین الاقوامی ساکھ میں اضافے کے لحاظ سے وزیراعظم پاکستان اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے کردار کو اعلیٰ نمونہ قرار دیتا ہے نیز اس عمل پر زور دیتا ہے کہ عالمی امن کے تحفظ کیلئے پاکستان کے سنجیدہ اور متوازن کردار کو مستقبل میں بھی مضبوطی سے جاری رکھا جائے۔ مزید برآں یہ ایوان امید ظاہر کرتا ہے کہ یہ جنگ بندی مستقل امن، باہمی تعاون اور وقار عالمی تعلقات کا باعث بنے گی اور پاکستان کی خارجہ پالیسی کی پرامن ترجیحات کو مزید تقویت فراہم کرے گی۔ قرارداد کی موزونیت پر بات کرتے ہوئے صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ خطے میں چھڑی جنگ کے اثرات ہمسایہ ممالک پر پڑ رہے ہیں، اس جنگ کو ختم کرنے کیلئے پاکستان نے ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس آگ کو بجھانے کی کوشش کی جس کی پوری دنیا تعریف کررہی ہے۔ صوبائی وزیر خوراک نور محمد دمڑ نے کہا کہ پاکستان نے امریکہ اور ایران کی جنگ میں غیر جانبدارانہ کردار ادا کیا، عسکری اور سیاسی قیادت کی امن کی کوششیں کامیاب ہوئیں یہ پوری قوم اور خطے کیلئے اعزاز ہے۔

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی میں ضلع پشین کی تحصیل حرمزئی، تحصیل کربلا، تحصیل سرانان پر مشتمل نیا ضلع بنانے اور پسنی فش ہاربر کی بحالی سے متعلق دو قراردادیں متفقہ طور پر منظور کرلی گئیں۔ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس جمعہ کو ایک گھنٹے کی تاخیر سے اسپیکر کیپٹن عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں شروع ہوا۔ اجلاس میں جمعیت علما اسلام کے رکن سید ظفر علی آغا نے اپنی قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ضلع پشین کی تحصیل حرمزئی، تحصیل کربلا اور تحصیل سرانان کی آبادی چار لاکھ نفوس پر مشتمل ہے اور یہ تین تحصیلوں اور تین میونسپل کمیٹیوں پر مشتمل ہے جس کی بناء پر مذکورہ علاقہ ایک الگ ضلع کے قیام کا متقاضی ہے لیکن اس کے باوجود اس کو ضلع کا درجہ نہیں دیا گیا ہے لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ تحصیل حرمزئی، تحصیل کربلا اور تحصیل سرانان پر مشتمل ایک نیا ضلع بنانے کی بابت عملی اقدامات اٹھانے کو یقینی بنائے تاکہ مذکورہ علاقے کے عوام میں پائی جانے والی بے چینی اور احساس محرومی کا خاتمہ ممکن ہوسکے۔ قرارداد کی موزونیت پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پشین کی آبادی 12 لاکھ نفوس پر مشتمل ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان نے حال ہی میں برشور کو ضلع کا درجہ دیا ہے جس کا ہم خیر مقدم کرتے ہیں میری درخواست ہے کہ تحصیل حرمزئی، کربلا اور سرانان پر مشتمل ایک نیا ضلع بنایا جائے۔ جمعیت علما اسلام کے اصغر ترین نے پشین کو ڈویژن کا درجہ دینے پر وزیراعلیٰ بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پشین اور خضدار آبادی کے لحاظ سے بلوچستان کے دیگر اضلاع سے بڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کاریزات کا مسئلہ 2021 سے چلا آرہا ہے، کاریزات کو ضلع بنایا جائے۔ بعدازاں ایوان نے قرارداد منظور کرلی۔ اجلاس میں جماعت اسلامی کے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے اپنی قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ پسنی فش ہاربر جو ماضی میں معاشی حب کا ایک اہم ستون رہا ہے جہاں ہزاروں افراد کا روزگار وابستہ تھا لیکن گزشتہ کئی سالوں سے مٹی بھر جانے اور عدم توجہی کے باعث غیر فعال ہوچکا ہے جس سے مقامی ماہی گیر بری طرح متاثر ہوئے ہیں مختلف ادوار میں وزرائے اعلیٰ کی جانب سے پسنی فش ہاربر کی بحالی کے اعلانات بھی کیے گئے لیکن تاحال کوئی پیش رفت نہیں ہوسکی۔ واضح رہے کہ ہاربر کی بحالی کے لئے غیر ملکی گرانٹ بھی دی گئی لیکن مسئلہ جوں کا توں ہے، لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ مذکورہ فش ہاربر کی بحالی کی بابت عملی اقدامات اٹھائے تاکہ پسنی فش ہاربر کی معاشی سرگرمیاں بحال ہوسکیں۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان
Daily: MASHRIQ QUETTA
Bullet No. 2
Dated: 11 APR 2026
Page No. 19

# ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کیلئے پرعزم ہیں' چیئرمین پی اے سی

## کوتاہی و سستی برداشت نہیں' اضلاع میں جاری ڈیمز کی تعمیر مقررہ وقت کے اندر مکمل ہونی چاہیے' اصغر علی ترین

### خود ان منصوبوں کی تکمیل یقینی بنانے کیلئے مسلسل نگرانی کریں گے' 100 ڈیمز منصوبہ پروجیکٹ ڈائریکٹر کے اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اصغر علی ترین نے اپنے دفتر میں 100 ڈیمز منصوبہ پراجیکٹ ڈائریکٹر کے ساتھ ایک اہم اجلاس منعقد کیا، جس میں منصوبے کی پیش رفت اور درپیش امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس ترمیم شدہ قواعد و ضوابط کے سیکشن 6 کے تحت طلب کیا گیا، جس میں چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے سو ڈیمز کے پراجیکٹ ڈائریکٹر کو طلب کر کے منصوبوں کی رفتار اور شفافیت کا جائزہ لیا چیئرمین نے بالخصوص پیکیج تحری کی پیش رفت رپورٹ طلب کی، جس پر پراجیکٹ ڈائریکٹر اور ان کی ٹیم نے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے اب تک کی کارکردگی، درپیش چیلنجز اور آئندہ کے لائحہ عمل سے آگاہ کیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اصغر علی تر......

بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

ین نے کہا کہ ہم تمام ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کیلئے پرعزم ہیں اور اس سلسلے میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے ہدایت کی کہ پشین میں واقع اسکان خان ڈیم کو 15 اگست 2026 تک ہر صورت میں مکمل کیا جائے چیئرمین نے مزید کہا کہ صوبے کے تمام اضلاع میں جاری ڈیمز کی تعمیر مقررہ وقت کے اندر مکمل ہونی چاہیے، اور وہ خود ان منصوبوں کی تکمیل کو یقینی بنانے کیلئے مسلسل نگرانی کریں گے۔

# زرعی زمینوں کے مالکان کی رجسٹریشن کا عمل مکمل کیا جائے' اے ڈی سی ریونیو

## اقدامات تیز اور مقررہ وقت میں اہداف حاصل کئے جائیں' حافظ محمد طارق

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) حافظ محمد طارق کی زیر صدارت کوئٹہ کی زرعی زمینوں پر ایگری کلچر ٹیکس کے حوالے سے ایک اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر سٹی، اسسٹنٹ کمشنر چلتک، اور متعلقہ سب ڈویژنز کے تحصیلداران و پٹواریوں نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران کوئٹہ کی زرعی زمینوں سے متعلق تفصیلی رپورٹ مرتب کی گئی اور مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) نے ہدایت کی کہ زرعی زمینوں کے مالکان کی......

بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

رجسٹریشن کا عمل جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ ٹیکس نظام کو موثر بنایا جاسکے۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ وہ زرعی مالکان جو ایگری کلچر ٹیکس جمع نہیں کروائیں گے، ان کے لینڈ ریکارڈ کو قانونی کارروائی کے لئے روک دیا جائے گا۔ ضلعی انتظامیہ نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ وہ اس حوالے سے اقدامات کو تیز کریں اور مقررہ وقت میں اہداف حاصل کئے جائیں۔ ایگری کلچر ٹیکس جمع نہیں کروائیں گے، ان کے لینڈ ریکارڈ کو قانونی کارروائی کے لئے روک دیا جائے گا۔ ضلعی انتظامیہ نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ وہ اس حوالے سے اقدامات کو تیز کریں اور مقررہ وقت میں اہداف حاصل کئے جائیں۔

# جانوروں کی حفاظت کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں گے' سیکرٹری فاریسٹ

## ہنگول نیشنل پارک میں شاندار پرشین چیتے کی موجودگی ریکارڈ کی گئی' عمران کچکی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع لسبیلہ میں واقعہ ہنگول نیشنل پارک میں نایاب پرشین چیتے کی موجودگی دیکھنے میں آئی ہے سیکرٹری محکمہ فاریسٹ اینڈ وائلڈ لائف بلوچستان عمران کچکی نے بتایا ہے کہ ہنگول نیشنل پارک کے سپٹ کے علاقے کے قریب واقع ایک نیول کیمپ میں 6 اپریل 2026 کو تھرمل امیجنگ کے ذریعے ایک نایاب اور شاندار فارسی چیتے کی موجودگی ریکارڈ کی گئی ہے، جو خطے کے نہایت کم نظر آنے والے شکاریوں میں شمار ہوتا ہے۔ انہوں ......

بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

نے بتایا کہ یہ مشاہدہ علاقے میں جنگلی حیات کی موجودگی کا اہم ثبوت ہے اور اس سے اس نایاب نسل کے تحفظ کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے۔ عمران کچکی کے مطابق محکمہ جنگلات و جنگلی حیات نے فوری طور پر ٹیمیں تعینات کر دی ہیں تاکہ اس نایاب جانور کی حفاظت کو یقینی بنایا جا سکے اور اس کی بقاء کیلئے موثر اقدامات کئے جا سکیں سیکرٹری نے مزید کہا کہ محکمہ اس قیمتی اور نایاب نسل کے تحفظ کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہا ہے تاکہ آئندہ بھی اس طرح کے نایاب جانور محفوظ رہ سکیں۔ و جنگلی حیات نے فوری طور پر ٹیمیں تعینات کر دی ہیں تاکہ اس نایاب جانور کی حفاظت کو یقینی بنایا جا سکے اور اس کی بقاء کیلئے موثر اقدامات کئے جا سکیں سیکرٹری نے مزید کہا کہ محکمہ اس قیمتی اور نایاب نسل کے تحفظ کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہا ہے تاکہ آئندہ بھی اس طرح کے نایاب جانور محفوظ رہ سکیں۔

# نان رجسٹرڈ کاروبار ٹیکس نیٹ میں لانے کیلئے مہم کا آغاز کر دیا' بی آر اے

## کارروائی بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ کے تحت کی جا رہی ہے' ترجمان

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے صوبے میں خدمات فراہم کرنے والے غیر رجسٹرڈ ڈیجیٹل کاروبار کو ٹیکس نیٹ میں لانے کیلئے انفورسمنٹ مہم کا آغاز کر دیا ہے۔ یہ کارروائی بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز (BSTS) ایکٹ کے تحت کی جا رہی ہے اتھارٹی کے مطابق اس مہم کے تحت ڈیجیٹل میڈیا پلیٹ فارمز، آن لائن سروس فراہم کنندگان، کانٹینٹ کریئٹرز، پروڈکشن ہاوسز اور دیگر متعلقہ اداروں کو ہدف بنایا گیا ہے جو رجسٹریشن یا ٹیکس قوانین کی......

بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

تکمیل کے بغیر خدمات فراہم کر رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور منسٹر فنانس میر شعیب نوشیروانی کے وژن کے تحت بی آر اے نے ٹیکس بیس کو وسعت دینے اور ڈیجیٹل معیشت کی دستاویز بندی کیلئے اقدامات تیز کر دیئے ہیں۔ اتھارٹی کا کہنا ہے کہ ڈیجیٹل شعبے کو ٹیکس نظام میں شامل کرنے سے شفافیت میں اضافہ اور محصولات میں بہتری ممکن ہوگی۔ بی آر اے نے خبردار کیا ہے کہ قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے غیر رجسٹرڈ کاروباروں کے خلاف BSTS ایکٹ کے تحت جرمانے اور دیگر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اتھارٹی نے تمام ڈیجیٹل سروس فراہم کنندگان کو ہدایت کی ہے کہ وہ فوری طور پر رجسٹریشن مکمل کریں اور اپنی ٹیکس ذمہ داریاں ادا کریں تاکہ کسی بھی تادیبی کارروائی سے بچا جا سکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 11 APR 2026 Page No. 20

## طلباء اور بچے ہمارے مستقبل کے معمار ہیں، ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس

**پولیس افسران اور اہلکار بچوں کے ساتھ نرمی سے پیش آئیں، عمران شوکت کی بچوں کے وفد سے گفتگو**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) عمران شوکت نے کہا ہے کہ طلباء اور بچے ہمارے مستقبل کے معمار ہیں انہیں تعلیم کے دوران پولیس کے نظام اور فرائض کی بجا آوری کے حوالے سے مکمل آگاہی ہونی چاہیئے کہ کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں وہ 15 کا نمبر یاد رکھیں اور فوری پر اس پر اطلاع دیں انہیں ریڈ لائن کے تصور سے ہی مکمل شعور و آگاہی ہونی چاہیئے اور پولیس افسران اور اہلکار بچوں کے ساتھ شفقت، نرمی اور ہمدردی کے ساتھ پیش آئیں تاکہ وہ انہیں اپنا ہمدرد سمجھ سکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے سکولوں کے طلباء کے تھانہ سول لائن کے خصوصی دورے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا ڈی آئی جی نے بچوں کو بتایا کہ پولیس عوام کی خادم ہے حاکم نہیں اس کا بنیادی مقصد اپنے فرائض کی بجا آوری کے دوران شہریوں کی خدمت اور حفاظت کو یقینی بنانا ہے انہوں نے بچوں کو ہدایت کی کہ وہ کسی بھی ایمرجنسی یا ہنگامی صورتحال میں فوری طور پر 15 کا نمبر ہمیشہ یاد رکھیں اور فوری طور پر اس پر کال کریں پولیس حفاظت کی ضامن ہے اور ہر شہری کی ذمہ داری ہے کہ وہ قانون کی پاسداری کرے انہوں نے بچوں کو "ریڈ لائن" کے تصور ہی سے شعور و آگاہی دی اور تاکید کی کہ کسی بھی صورتحال میں قانون کی حد کو عبور نہ کرنے دیں اور اگر کوئی شخص ایسا اقدام کرے تو فوراً پولیس کو اطلاع دینی چاہیئے۔

MASHRIQ QUETTA

# خانوزئی میں افغان مہاجرین کیخلاف آپریشن شروع، 100 گھر مسمار

**ایس پی عنایت کاکڑ کی قیادت میں کیے مشترکہ آپریشن میں افغان مہاجرین کو 24 گھنٹے کی مہلت دی گئی تھی، جو ختم ہو چکی**

**کاریزات میں تقریباً 60 ہزار افغان مہاجرین مقیم ہیں، متعدد مہاجرین اپنے سامان سمیت علاقہ چھوڑنے لگے، ذرائع**

کوئٹہ (اے این این) وفاقی اور صوبائی حکومت کی احکامات کے مطابق بلوچستان کے علاقے تحصیل خانوزئی میں غیر قانونی طور پر افغان مہاجرین کے خلاف گرینڈ آپریشن شروع کر دیا گیا ایس پی عنایت کاکڑ کی قیادت میں کیے گئے اس مشترکہ آپریشن میں افغان مہاجرین کو 24 گھنٹے کی مہلت دی گئی تھی، جواب ختم ہو چکی ہے۔ مہلت ختم ہونے کے فوراً بعد انتظامیہ نے کارروائی شروع کر دی اور اب تک 100 سے زائد غیر قانونی گھروں کو مسمار کر دیا گیا ہے۔ ایک سرکاری رپورٹ کے مطابق، کاریزات علاقے....... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

میں فی الحال تقریباً 60 ہزار افغان مہاجرین مقیم ہیں، جن میں سے زیادہ تر کے پاس درست دستاویزات نہیں ہیں۔ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ یہ مہاجرین سیکیورٹی خطرات، غیر قانونی رہائش اور مقامی وسائل پر دباؤ کا باعث بن رہے ہیں۔ ڈی ایس پی عنایت کاکڑ نے آپریشن کی نگرانی کرتے ہوئے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے افغان مہاجرین کو واضح طور پر 24 گھنٹے کی مہلت دی تھی کہ وہ رضاکارانہ طور پر علاقہ چھوڑ کر واپس چلے جائیں مہلت ختم ہونے کے بعد اب سخت کارروائی کا آغاز ہو چکا ہے۔ اب تک 100 سے زائد گھروں کو مسمار کیا جا چکا ہے۔ غیر قانونی ڈھانچوں کو مسمار کرنے کا سلسلہ جاری ہے تاکہ غیر قانونی رہائش کا سلسلہ ہمیشہ کے لیے ختم ہو سکے عینی شاہدین کے مطابق، آپریشن کے دوران پولیس اور ضلعی انتظامیہ کی بڑی تعداد نے کاریزات کے مختلف مقامات پر چھاپے مارے۔

# بلوچستان کے ساحلی علاقوں کے طلبہ کیلئے اسکالرشپس کا اعلان

## طلبہ کو اعلیٰ تعلیم تک رسائی دیکر سی پیک سے وابستہ ابھرتے مواقع کیلئے تیار کیا جائیگا' ایچ ای سی

اسلام آباد (این این آئی) ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان نے بلوچستان کے ساحلی علاقوں سے تعلق رکھنے والے 98 طلبہ کے لیے انڈر گریجویٹ اسکالرشپس فراہم کریں جس کا مقصد اعلیٰ تعلیم تک رسائی کو بڑھانا اور مقامی نوجوانوں کو چین۔پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) سے وابستہ

بقیہ نمبر 74 صفحہ 5 پر

ابھرتے مواقع کے لیے تیار کرنا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق ایچ ای سی نے کہا کہ 98 منتخب طلبہ کے علاوہ ساحلی علاقوں سے مزید طلبہ کے انتخاب کا عمل بھی جاری ہے۔ ایچ ای سی بلوچستان کے لیے "کوسٹل ریجن ہائر ایجوکیشن اسکالرشپس فار انڈر گریجویٹ پروگرام" پر عمل درآمد کر رہا ہے۔ یہ پروگرام 23-2022 میں حکومت پاکستان کے ساتھ بلوچستان ڈویلپمنٹ پیکج کے تحت شروع کیا گیا تھا جس کا مقصد گوادر، لسبیلہ، کیچ (تربت) یا آواران کے ڈومیسائل/ لوکل سرٹیفکیٹ رکھنے والے طلبہ کے لیے معیاری انڈر گریجویٹ تعلیم تک رسائی کو بڑھانا ہے۔ اس اسکالرشپ پروگرام کا بنیادی مقصد علاقے کے طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کرنا ہے، جس کے تحت 200 طلبہ کو پاکستان کی ایچ ای سی سے منظور شدہ جامعات میں بی ایس کی تعلیم کے لیے سپانسر کیا جائے گا۔ رپورٹ کے مطابق اب تک تین مراحل میں 98 طلبہ مستفید ہو چکے ہیں۔ پروگرام کے چوتھے مرحلے کے لیے 800 سے زائد درخواستیں موصول ہوئی ہیں، جو اس بات کی عکاسی کرتی ہیں کہ علاقے کے نوجوانوں میں اس پروگرام کے لیے بھرپور دلچسپی پائی جاتی ہے۔ یہ پروگرام تمام تعلیمی شعبوں پر محیط ہے اور بلوچستان کے ساحلی علاقوں کے طلبہ، خصوصاً پسماندہ اور طالبات کے لیے اعلیٰ تعلیم تک رسائی میں اضافہ کر رہا ہے۔

# سبی' گیس پائپ لائن دھماکے سے پھٹ گئی' نواحی علاقوں کو فراہمی معطل

## دھماکے کی نوعیت اور وجوہات جاننے کیلئے حکام کا معائنہ' شواہد اکٹھے کرلئے' بحالی کیلئے اقدامات جاری

سبی (آن لائن) سبی میں گیس پائپ لائن دھماکے سے پھٹ گئی، نواحی علاقوں کو فراہمی معطل ہوگئی، سبی کے نکی روڈ پر چاراچ کی گیس پائپ لائن زوردار دھماکے سے پھٹ گئی، جس کے باعث علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ اطلاع ملتے ہی پولیس، سیکورٹی فورسز اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئے۔ حکام کے مطابق دھماکے کی نوعیت اور وجوہات جاننے کے

بقیہ نمبر 6 صفحہ 5 پر

لئے موقع کا معائنہ جاری ہے جبکہ علاقے کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کئے جا رہے ہیں۔ واقعے کے بعد سبی کے نواحی علاقوں کو گیس کی فراہمی عارضی طور پر معطل کر دی گئی ہے۔ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ صورتحال کو جلد قابو میں لاتے ہوئے گیس کی بحالی کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

# تربت میں ڈینگی کے وار جاری

## مزید 12 کیس سامنے آگئے

تربت (نمائندہ انتخاب) تربت میں ڈینگی کے کیسز میں اضافہ، مزید 12 مریضوں کی تشخیص، ٹیچنگ ہسپتال تربت میں 10 اپریل کو ڈینگی کے 84 ٹیسٹ کیے گئے، جن میں سے 12 مثبت کیسز رپورٹ ہوئے ہیں، ڈاکٹروں کے

بقیہ نمبر 68 صفحہ 5 پر

مطابق شہر میں ڈینگی کے بڑھتے کیسز باعث تشویش ہیں جبکہ شہریوں کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

# قلات' خسرہ کے کیسز' محکمہ صحت کی ٹیم نے متاثرہ علاقے کا دورہ کیا

قلات (خ ن) خسرہ وباء کے مشتبہ کیسز رپورٹ ہونے پر ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن قلات کے حکم پر محکمہ صحت کا ہنگامی اقدام ویکسی نیٹرز نیاز محمد اور محمد اقبال کی سربراہی میں ٹیم نے متاثرہ علاقے کے ایم سی مائیکرو عزیز آباد قلات کا اوآرٹی

بقیہ نمبر 3 صفحہ 5 پر

ٹیم کو دورہ کروایا گیا کمیونٹی کی جانب سے بچوں کو ویکسین پلانے سے انکاری گھرانوں سے متعلق ضلعی انتظامیہ کو آگاہ کیا گیا متاثرہ گلی میں خسرہ کے چار مشتبہ کیسز پائے گئے ڈپٹی کمشنر قلات کے حکم پر گلی مائیکرو عزیز آباد میں ایک موپ اپ ویکسینیشن سرگرمی کا انعقاد کیا گیا اور 54 سے زائد بچوں کو حفاظتی ٹیکے لگائے گئے اور وٹامن اے کی دوائی بھی فراہم کی گئی ویکسینیشن ٹیم نے دوبارہ موپ اپ کے لیے علاقے کا دورہ کیا متاثرہ بچوں کے خون کے 2 نمونے لے کر این آئی ایچ اسلام آباد بھیجے گئے اور ایپ پر اپ لوڈ کر دیے گئے۔

# 5 ماہ کے دوران قلات میں 22 کھلی کچہریاں منعقد کی گئیں' ڈی سی

## ضلع میں 86 غیر فعال سکولوں کو فنکشنل کر دیا' انتظامیہ ذمہ داریوں سے غافل نہیں' منیر درانی کی میڈیا بریفنگ

قلات (خ ن) وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن قلات کی جانب سے گزشتہ پانچ ماہ کے دوران 22 کھلی کچہریاں منعقد کی گئیں جن میں پانچ ڈسٹرکٹ لیول اور 17 تحصیل لیول پر منعقد کی گئیں، ضلعی انتظامیہ کی زیر صدارت منعقدہ کھلی کچہریوں میں عوام نے بھرپور شرکت کی اور مسائل کی نشاندہی کی۔ ڈپٹی کمشنر قلات منیر احمد درانی نے میڈیا بریفنگ میں بتایا کہ کھلی کچہریوں کے انعقاد سے قبل ضلع قلات میں 186 اسکول غیر فعال تھے

بقیہ نمبر 24 صفحہ 5 پر

ضلعی انتظامیہ نے وزیر اعلیٰ اور چیف سیکرٹری کی ہدایت پر محکمہ تعلیم میں کنٹریکٹ پر باصلاحیت اساتذہ کی تعیناتیاں کر کے تمام اسکولز فنکشنل کیے محکمہ تعلیم میں فیز 4 میں بھی میرٹ پر خالی اساتذہ کی تقرریاں خوش اسلوبی سے سرانجام دی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ کھلی کچہریوں میں عوام نے تعلیم و صحت کے مسائل کی نمایاں طور پر نشاندہی کی۔

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA
Bullet No. 2 Dated: 11 APR 2026 Page No. 22

# پولیو مہم کا افتتاح کوئٹہ میں 4 لاکھ بچوں کو ویکسین پلانے کا ہدف

ڈی سی نے بچوں کو قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کیا' 1620 ٹیمیں حصہ لیں گی، 445 سپروائزر نگرانی کریں گے' افسران کی بریفنگ

موذی مرض کے خاتمے کیلئے والدین اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں' زیر صدارت اجلاس سے مہراللہ بادینی کا خطاب

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے بچوں کو پولیو کے حفاظتی قطرے پلا کر 13 اپریل سے شروع ہونے والی پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی زیر صدارت پولیو مہم کی سیکیورٹی اور دیگر انتظامی تیاریوں کے حوالے سے ایک اجلاس بھی منعقد ہوا، جس میں متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں 13 اپریل سے شروع ہونے والی پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ اس مہم کے دوران ضلع کے 4 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو کے حفاظتی قطرے پلائے جائیں گے۔ اس مہم میں 1620 ٹیمیں حصہ لیں گی، جبکہ 445 سپروائزران ٹیموں کی نگرانی کریں گے۔ سیکیورٹی کے مؤثر انتظامات کے تحت ......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

1620 سیکیورٹی اہلکار بھی ڈیوٹی سرانجام دیں گے۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے والدین، علما کرام اور علاقے کے معززین سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں تا کہ اس موذی مرض کا مکمل خاتمہ ممکن بنایا جا سکے۔

AZADI QUETTA

# ون ویلنگ کی خلاف ورزی پر 50 سے زائد موٹر سائیکلیں دھر لی گئیں

موٹر سائیکل سواروں کیخلاف 115 کے تحت کارروائی کا آغاز کر دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) ایس ایس پی ٹریفک پولیس کوئٹہ مرزا بلال حسن کی ہدایت پر ٹریفک پولیس کوئٹہ نے ایئرپورٹ روڈ، کچلاک بائی پاس کے علاقوں میں ون ویلنگ کرنے والے نوجوانوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 50 سے زائد موٹر سائیکلیں مختلف تھانوں میں بند کر (بقیہ نمبر 13 صفحہ نمبر 7 پر)

کے ان کے خلاف قانونی کارروائی شروع کر دی۔ ایس ایس پی ٹریفک پولیس کوئٹہ مرزا بلال حسن نے کہا کہ ٹریفک پولیس ٹریفک قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے لئے اپنی ذمہ داری احسن طریقے سے نبھا رہی ہے عوام کی جانب سے پولیس کو شکایت مل رہی تھی کہ کوئٹہ کے مختلف علاقوں جس میں ایئرپورٹ روڈ کچلاک بائی پاس، ہنہ کچھ موڑ اور اسی طرح کوئلپور، دشت کے علاقوں میں نوجوان موٹر سائیکلوں پر خطرناک طریقے سے ون ویلنگ کرتے ہیں اس دوران وہ حادثات کا شکار ہو کر موت کے منہ میں جا رہے ہیں اور متعدد نوجوانوں کے زخمی ہونے کی بھی اطلاعات ملتی ہیں خطرناک ون ویلنگ کی وجہ سے شہریوں کو بحفاظت ڈرائیونگ کرنے میں شدید مشکلات درپیش آتی ہے اور حادثات رونما ہوتے رہتے ہیں اس لئے ٹریفک پولیس کی جانب سے اپنے لوگوں کو ٹریفک قوانین کا پابند بنانے کے لئے ون ویلنگ کے خلاف کارروائی شروع کر کے بے گناہ انسانی جانوں کے ضیاع کو روکنے کے لئے یہ خصوصی مہم شروع کی گئی ہے انہوں نے شہریوں سے درخواست کی ہے کہ وہ ٹریفک پولیس کے ساتھ تعاون کریں تا کہ ان کے خلاف قانونی کارروائی کر کے اس غیر قانونی اور خطرناک فعل سے روکا جا سکے انہوں نے کہا کہ ٹریفک پولیس کوئٹہ نے ایف ایم ٹریفک ریڈیو کے ذریعے شہریوں میں شعور و آگاہی کی مہم چلائی جا رہی ہے جس میں والدین، اساتذہ اور شہریوں سے بھی اپیل کی جا رہی ہے کہ وہ موٹر سائیکل چلانے والے اپنے نوجوان بچوں کو ٹریفک قوانین کی پاسداری کو یقینی بناتے ہوئے ون ویلنگ جیسے خطرناک کھیل سے باز رکھنے کی تنبیہ کریں تا کہ وہ ون ویلنگ کے دوران اپنی اور دوسروں کی زندگی کو نقصان نہ پہنچائے ٹریفک پولیس کی جانب سے گزشتہ روز ایئرپورٹ روڈ، کوئلہ پھاٹک اور کچلاک بائی پاس سمیت دیگر علاقوں میں ون ویلنگ کرنے والے 60 سے زائد موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانوں میں بند کر کے ان کے خلاف 115 کے تحت کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ یہ کارروائی تواتر کے ساتھ جاری رہے گی۔

CamScanner

# حکمرانوں کو شاہی طرز زندگی ترک کرکے عوام کو ریلیف دینا ہوگا
مولانا ہدایت الرحمن

## ایران‘امریکہ کے درمیان ثالثی قابل تعریف‘وفاق کو بلوچستان میں بھی حقوق وامن کی فراہمی کیلئے کردارادا کرنا چاہئے‘ ایم پی اے

**مہنگائی وبیروزگاری نے صوبے میں ڈیرے ڈال دیئے‘امن وامان کا فقدان‘روزگار ناپید‘بارڈرز قبضہ ہے‘صوبائی امیر جماعت اسلامی**

کوئٹہ ( آن لائن )امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ حکمرانوں کو شاہی طرز زندگی مفت خوری ختم کر کے عوام کو ریلیف دینا ہوگا ایران‘امریکہ‘اسرائیل کے درمیان ثالثی کا کردار قابل تعریف ہے وفاق کو بلوچستان میں بھی مسائل کے حل حقوق وامن کی فراہمی زیادتیوں کو ختم کرنے کیلئے ایسا ہی کردار ادا کرنا چاہئے ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کی زندگی مغل بادشاہوں جیسا لوٹ مار وبدعنوانی عروج پر ہیں مہنگائی وبے روزگاری نے بلوچستان میں ڈیرے ڈال دیئے ہیں امن وامان کا فقدان ،روزگار ناپید بارڈرز وتجارت پر قبضہ ہیں بلوچستان کے عوام سے جینے کا حق چھین لیا گیا ہے ........ بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

اسمبلی ممبران کی کوئی حیثیت نہیں۔عوام کے اعتماد وووٹ سے محروم لوگوں کو فارم 47 کے ذریعے مسلط کردیا گیا ہے وسائل سے مالا مال بلوچستان کے عوام آج مسائل کے دلدل میں پھنس گئے ہیں۔ان حالات میں ہر طرف پریشانی مایوسی اور مشکلات ہیں مسائل کے حل کا اختیار اسلام آباد کے طاقتور طبقات کے پاس ہیں مگر وہ مسائل کے حل میں کوئی دلچسپی نہیں لے رہا جس کی وجہ سے ظلم وبدعنوانی، ناانصافی اور زیادتیوں میں کمی کے بجائے اضافہ ہورہا ہے آئینی پارلیمانی جمہوری جدوجہد کی راہ میں مشکلات رکاوٹیں کھڑی کی جارہی ہیں جماعت اسلامی اس ظلم وجبر اور زیادتیوں کے خلاف خاموش نہیں رہے گی بلکہ بھرپور مزاحمت کرتے ہوئے عوام کے حقوق کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کریگی۔

# حکومت پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کرے‘ پشتونخوا نیپ

## پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ متوسط طبقے پر مہنگائی مسلط کرنے کے مترادف ہے‘ اللہ نور کاکڑ‘ احمد خان لونی

**سڑکوں کی ناگفتہ بہ حالت نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی‘ لورالائی‘ سبی‘ ہرنائی میں احتجاجی مظاہروں سے رہنماؤں کا خطاب**

لورالائی ، سبی، ہرنائی (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے زیر اہتمام پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافے کے خلاف ملک گیر جاری احتجاج کے سلسلے میں گزشتہ روز ضلع لورالائی کے زیر اہتمام موجودہ حالات، بے مثال مہنگائی، بڑھتی ہوئی بے روزگاری اور بالخصوص پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اور ظالمانہ اضافے کے خلاف ایک بڑا، منظم اور شاندار احتجاجی مظاہرہ اور جلسہ عام منعقد کیا گیا، جس میں ہزاروں افراد نے بھرپور شرکت کی جلسہ پارٹی کے مرکزی سیکرٹری چیئرمین اللہ نور کاکڑ کی صدارت میں منعقد ہوا جلسے سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی سیکرٹری اللہ نور کاکڑ، ضلعی سیکرٹری مصطفیٰ کمال کاکڑ، صوبائی ڈپٹی سیکریٹریز نعمت جلالزئی، غنی فدائی، سلام ناصر، نظام کاکڑ، مر........ بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

کزی کمیٹی کے رکن نعمت شبوزئی، صوبائی کمیٹی کے رکن شیر علی ناصر، پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے ضلعی سیکریٹری فرید خان کبزئی اور مولوی فضل کریم اخوند نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ عوام کی معاشی کمر توڑنے کے مترادف ہے مقررین نے کہا کہ پیٹرول، ڈیزل اور گیس کی قیمتوں میں اضافے کے باعث نہ صرف ٹرانسپورٹ بلکہ اشیائے خورد ونوش اور دیگر بنیادی ضروریات زندگی کی قیمتیں بھی بڑھ چکی ہیں، جس سے عام آدمی کی زندگی شدید متاثر ہورہی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت فوری طور پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کرے، بصورت دیگر احتجاجی تحریک کو مزید وسعت دی جائے گی۔پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع سبی کے زیر اہتمام پارٹی ہدایات کے مطابق پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافے، امن وامان کی ابتر صورتحال، چوری وڈکیتی کی بڑھتی وارداتوں، بجلی وگیس کی طویل لوڈشیڈنگ، بلوں میں اضافے اور کڑک تلی مجک روڈ کی بندش کے خلاف ایک بھرپور احتجاجی مظاہرہ منعقد کیا گیا۔مظاہرہ پارٹی کے ضلعی دفتر سے شروع ہوکر ریذیڈنسی روڈ، چاکر روڈ، لیاقت بازار اور نشتر روڈ سے ہوتا ہوا سبی پریس کلب پہنچا، جہاں احتجاجی جلسہ منعقد ہوا‘ مظاہرے کی صدارت صوبائی ڈپٹی سیکرٹری احمد خان لونی نے کی

# سردار ذوالفقار کھوسہ کی سیاسی خدمات ناقابل فراموش ہیں‘ اسرار زہری

**مرحوم ایک مدبر و باوقار سیاسی شخصیت تھے‘ سربراہ بی این پی (عوامی)**

خضدار (بیورو رپورٹ) بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے سربراہ سابق وفاقی وزیر میر اسرار اللہ خان زہری نے چیف سردار تمندار کھوسہ اقوام سردار ذوالفقار احمد خان کھوسہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے انہوں نے اپنے تعزیتی پیغام میں کہا کہ سردار ذوالفقار احمد خان کھوسہ کی وفات کی خبر نہایت رنج وغم کے ساتھ موصول ہوئی ہے مرحوم نہ صرف ایک مدبر اور باوقار سیاستدان تھے بلکہ قبائلی روایات ملنساری اور شرافت کے اعلیٰ اوصاف کے حامل انسان بھی تھے میر اسرار اللہ خان زہری کہا کہ سردار ذوالفقار احمد خان کھوسہ نے ملکی سیاست میں جو خد......... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

مات سرانجام دیں وہ تاریخ کا معتبر حصہ رہیں گی ان کی سیاسی بصیرت عوامی وابستگی اور قومی سطح پر کردار ہمیشہ قدر واحترام کی نگاہ سے دیکھے جائیں گے اور انہیں طویل عرصے تک یاد رکھا جائے گا میر اسرار اللہ خان زہری نے آکر میں سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطاء کریں اور پسماندگان کو صبر وجمیل توفیق عطاء فرمائیں۔امین۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily INTEKHAB QUETTA
Bullet No. 3
Dated: 11 APR 2026
Page

# جمہوری قوتوں سے ملکر پرامن جدوجہد جاری رہے گی، بی این پی

## بدانتظامی اور وسائل کے غلط استعمال کے باعث عوام جائز حقوق سے محروم ہیں، اجلاس

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینئر رہنماؤں کا اجلاس پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر ثناء بلوچ کی رہائش گاہ پر منعقد ہوا، جس کی صدارت مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل ملک نصیر شاہوانی نے کی اجلاس میں مرکزی فنانس سیکرٹری اختر حسین لانگو، مرکزی لیبر سیکرٹری موسیٰ بلوچ، مرکزی ہیومن رائٹس سیکرٹری احمد نواز بلوچ، مرکزی خواتین سیکرٹری شکیلہ نوید دہوار، ٹکری شفقت لانگو، چیئرمین

بقیہ نمبر 61 صفحہ 5 پر

واحد بلوچ، حاجی باسط لہڑی، میر مقبول لہڑی، ملک عبدالولی کاکڑ، ضلعی آرگنائزر حاجی وحید لہڑی نے شرکت کی اجلاس میں شرکائے بلوچستان کی موجودہ علاقائی، سیاسی اور انسانی حقوق کی صورتحال کا تفصیلی اور تنقیدی جائزہ لیا۔ پارٹی قیادت نے صوبے بھر میں انسانی حقوق کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کیا، خاص طور پر سیکیورٹی کے نام پر جاری اقدامات کے تناظر میں۔ اجلاس میں جبری گمشدگیوں اور نوجوانوں و نہتے شہریوں کے قتل کے بڑھتے ہوئے واقعات کو نہایت تشویشناک قرار دیا گیا۔ پنجگور اور کوئٹہ کے حالیہ واقعات سمیت اسرار قلندرانی کی حراستی ہلاکت پر شدید تحفظات کا اظہار کیا گیا، جسے ناقابل قبول قرار دیا گیا۔ پارٹی رہنماؤں نے صوبے میں جاری بدعنوانی اور گورننس کے بحران پر بھی تفصیلی گفتگو کی اور کہا کہ ان مسائل نے بلوچستان کے عوام کو درپیش مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ اجلاس میں اس امر پر زور دیا گیا کہ بدانتظامی، احتساب کی کمی اور وسائل کے غلط استعمال نے صوبے کو اس کے جائز حق سے محروم کر رکھا ہے۔ اجلاس میں افغانستان اور ایران کی موجودہ صورتحال اور اس کے بلوچستان پر ممکنہ سیاسی، معاشی اور سیکیورٹی اثرات پر بھی غور کیا گیا۔ بلوچستان نیشنل پارٹی نے جمہوری اقدار کے ساتھ اپنی وابستگی کو دہراتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ دیگر جمہوری قوتوں کے ساتھ مل کر ایک پرامن اور جمہوری جدوجہد جاری رکھے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA
Bullet No. Dated 11 APR 2026 Page No. 25

# کوئٹہ ایک ہی خاندان کے 4 گھروں میں بیک وقت کروڑوں کی چوری

چوروں نے تالے توڑ کر 52 کلوگرام چاندی، 39 تولے سونا اور ایک کروڑ 20 لاکھ روپے نقدی سمیت کروڑوں مالیت کا سامان لوٹ لیا

واقعہ پشتون آباد کے علاقے میں پیش آیا، متاثرہ خاندان کے افراد کزن کی شادی میں شرکت کیلئے شادی ہال گئے تھے، مقدمہ درج کر لیا، پولیس

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے پشتون آباد میں چوری کی ایک سنسنی خیز اور بڑی واردات پیش آئی ہے، جہاں نامعلوم چوروں نے ایک ہی وقت میں ایک ہی خاندان کے چار گھروں کے تالے توڑ کر 52 کلوگرام چاندی، تقریباً 39 تولے سونا اور ایک کروڑ 20 لاکھ روپے نقدی سمیت کروڑوں مالیت کا سامان لوٹ لیا۔ پولیس نے واقعے کا مقدمہ تھانہ پشتون آباد میں نذیر احمد کی مدعیت میں درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔ تفصیلات..... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

کے مطابق متاثرہ خاندان لیاقت بازار میں جیولر (سونار) کا کام کرتا ہے اور سکیورٹی خدشات کے پیش نظر روزانہ دکان بند کرتے وقت قیمتی زیورات اور نقدی اپنے ساتھ گھر لے آتا تھا۔ گزشتہ شب متاثرہ خاندان کے چھ گھرانے ایک کزن کی شادی میں شرکت کے لیے شادی ہال گئے ہوئے تھے۔ جب وہ صبح تقریباً 6 بجے واپس پہنچے تو دیکھا کہ گھروں کے بیرونی تالے درست تھے لیکن اندر داخل ہونے پر کمروں اور برآمدوں کے تالے ٹوٹے ہوئے تھے اور سارا سامان بکھرا ہوا تھا۔ متاثرہ شخص نذیر احمد کے مطابق ان کے گھر سے 50 کلو چاندی کے بلاکس، 60 لاکھ روپے نقدی اور 200 گرام سونا چوری ہوا۔ اسی طرح ان کے کزن شبیر احمد کے گھر سے 20 لاکھ نقدی، 78 گرام سونا اور لائسنس یافتہ پستول، خان محمد کے گھر سے 25 لاکھ نقدی اور 130 گرام سونا، جبکہ تیسرے کزن زبیر کے گھر سے 2 کلو چاندی اور 15 لاکھ روپے نقدی سمیت سونا چوری کر لیا گیا۔ متاثرہ خاندان کا کہنا ہے کہ چور اپنے ساتھ سی سی ٹی وی کی ڈی وی آر (DVR) بھی لے گئے، تاہم کالونی میں لگے دیگر کیمروں کی فوٹیج سے معلوم ہوا ہے کہ گھر والوں کے نکلنے کے محض 17 منٹ بعد تین افراد موٹر سائیکل پر آئے اور واردات شروع کی۔ فوٹیج میں چار افراد چوری شدہ سامان کے ساتھ نکلتے ہوئے بھی دکھائی دیے ہیں۔

## بلیدہ میں فائرنگ سے نوجوان ہلاک' پولیس اہلکار کو زخمی کرنے والا ملزم گرفتار

بلیدہ میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے چاکر کو قتل کر دیا' پولیس تحقیقات کر رہی ہے

کوئٹہ میں گرفتار ملزم سے پسٹل و مسروقہ موٹر سائیکل برآمد' ساتھی فرار ہونے میں کامیاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلیدہ کے علاقے میں نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کر کے نوجوان کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز بلیدہ میناز کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے چاکر نامی نوجوان کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی پولیس کر.......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

رہی ہے دریں اثناء سریاب پولیس کے عملے نے فائرنگ کے تبادلے کے بعد پولیس اہلکار اور راہگیر کو زخمی کرنے والے ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے اسلحہ اور مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لی۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز سیٹلائٹ ٹاؤن کے علاقے نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے پولیس پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں ایک پولیس اہلکار اور راہگیر زخمی ہو گیا جس کی اطلاع ملنے پر ایس ایچ او سریاب نے علاقے کی ناکہ بندی کی جہاں ملزمان کو روکنے کی کوشش کی گئی تو انہوں نے پولیس پر فائرنگ کر دی پولیس کی جوابی فائرنگ میں ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے اس کے قبضے سے ایک پسٹل اور مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لی جبکہ رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ملزم کا دوسرا ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا فرار ہونے والے ملزم کی گرفتاری کیلئے کوششیں شروع کر دی مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

Baakhabar Quetta

## بی، نامعلوم افراد نے گیس پائپ لائن کو دھماکے سے اڑا دیا

متعدد علاقوں کو گیس کی فراہمی معطل' دھماکے سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

بولان (یو این اے) بولان میں بی تی روڈ پر نامعلوم افراد نے گیس کی 14 انچ قطر کی پائپ لائن کو دھماکہ خیز مواد نصب کر کے اڑا دیا ہے۔ پولیس کے مطابق دھماکہ اس قدر شدید تھا کہ اس کی آواز دور دور تک سنی گئی، جس کے باعث پورے علاقے میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا۔ خوش قسمتی سے واقعے میں کسی جانی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی ہے۔ دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکیورٹی فورسز کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے کر تخریب کاروں کی تلاش کے لیے بڑے پیمانے پر سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ گیس پائپ لائن کو نقصان پہنچنے کے باعث بی کے متعدد علاقوں کو گیس کی فراہمی عارضی طور پر منقطع کر دی گئی ہے، جس سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ گیس حکام کو واقعے کی اطلاع دے دی گئی ہے تاکہ مرمتی کام مکمل کر کے گیس کی فراہمی بحال کی جا سکے۔ قانون نافذ کرنے والے ادارے واقعے کی مزید تفتیش کر رہے ہیں تاکہ ملوث عناصر کو گرفتار کیا جا سکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 11 APR 2026

Page No. 27

## آواران: دوہری ملازمت کرنے والوں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ

آواران (نامہ نگار) عوامی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ ضلع میں دوہری ملازمت رکھنے والے افراد کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کیے جاسکیں انہوں نے کہا کہ مختلف سرکاری محکموں میں تعینات بعض ملازمین بیک وقت دیگر غیر سرکاری اداروں میں بھی ملازمت کر رہے ہیں جو نہ صرف قواعد وضوابط کی خلاف ورزی ہے بلکہ اس عمل سے بے روزگار نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع بھی محدود ہو رہے ہیں اس لیے ضروری ہے کہ انتظامیہ اس معاملے کا فوری نوٹس لے اور ایسے ملازمین کے خلاف کارروائی کرے۔

MASHRIQ QUETTA

## گیس فراہمی کا نیا شیڈول، امور خانہ داری متاثر، عوام کو مشکلات

**دن بھر وقفے وقفے سے گیس کی بندش نے مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا، ایل پی جی 550 روپے فی کلو سے زائد میں فروخت ہونے لگی**

**ایل پی جی کے دکاندار من مانیاں کرنے لگے، حکومت نے نرخ 304 روپے مقرر کر رکھا ہے، مہنگے داموں فروخت کر کے عوام کو لوٹا جا رہا ہے**

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بارش اور سردی کا سلسلہ جاری ہے تاہم شہری گیس کی عدم فراہمی اور غیر ضروری بندش کی وجہ سے روز مرہ کے امور کی انجام دہی اور خواتین کو امور خانہ داری میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ضلعی انتظامیہ اور ........ بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت کی رٹ نہ ہونے کی وجہ سے گیس کی ترسیل کے نئے شیڈول سے قبل بھی کوئٹہ میں ایل پی جی گیس کا مصنوعی بحران پیدا کر کے اوگرا کی جانب سے 304.12 روپے فی کلو ایل پی جی کی فروخت کی بجائے دکانداروں نے 550 سے زائد میں فی کلو فروخت کر کے شہریوں کو لوٹنا شروع کر دیا ہے

CLIPPING SERVICE
ATE
PUBLIC
OCHSITAN
Daily QUDRAT QUETTA
Dated 11 APR 2026

# گڈ گورننس، میرٹ اور شفافیت کے بغیر امن ممکن نہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوان محب وطن ہیں اور انہیں سوشل میڈیا کے منفی پروپیگنڈوں کا ڈٹ کر مقابلہ کرنا چاہیے انہوں نے کہا کہ نوجوان ہمارا مستقبل ہیں تنقید برائے تنقید نہیں تنقید برائے اصلاح ہونی چاہیے انہوں نے کہا کہ حکومت اپنی یوتھ کا ریاست پر اعتماد بحال کرے گی، ان کے گلے شکوے سن کر ان کے خدشات دور کیے جائیں گے انہوں نے واضح کیا کہ ہم اپنے نوجوانوں کے سامنے جوابدہ ہیں اور آئین پاکستان نے ہمیں اس بات کا پابند بنایا ہے انہوں نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے گڈ گورننس، میرٹ اور شفافیت پر مبنی جامع اور موثر حکمت عملی ناگزیر ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گذشتہ روز نیشنل یوتھ سمٹ گوادر کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا نیشنل یوتھ سمٹ گوادر اور پنجگور کے دورے کے دوران دیا گیا بیان دراصل بلوچستان کے موجودہ سیاسی، سماجی اور سیکیورٹی تناظر کی بھرپور عکاسی کرتا ہے۔ یہ محض ایک تقریر نہیں بلکہ ایک جامع پالیسی بیانیہ ہے، جس میں نوجوانوں، گورننس، سیکیورٹی اور ترقی کو ایک ہی فریم ورک میں جوڑنے کی کوشش کی گئی ہے۔ وزیر اعلیٰ کا یہ کہنا کہ بلوچستان کے نوجوان محب وطن ہیں اور انہیں منفی پروپیگنڈے کا مقابلہ کرنا چاہیے، ایک اہم پیغام ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ بلوچستان میں نوجوانوں کو طویل عرصے سے نظر انداز کیا گیا، جس کے باعث بے چینی اور بداعتمادی نے جنم لیا۔ ایسے میں نوجوانوں کو "سننے" کا اعلان اور کھلے مکالمے کا انعقاد ایک مثبت قدم ہے۔ ریکارڈنگ بند کر کے سوال و جواب کا سیشن کرنا اس بات کی علامت ہے کہ حکومت کم از کم سطح پر اعتماد سازی کی سنجیدہ کوشش کر رہی ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے میرٹ، شفافیت اور احتساب کو اپنی حکمت عملی کا مرکزی نکتہ قرار دیا۔ تعلیمی محکمے میں بے ضابطگیوں پر کارروائی، غیر ضروری اخراجات کا خاتمہ، اور سرکاری وسائل کے شفاف استعمال کی باتیں درست سمت کی نشاندہی کرتی ہیں۔ تاہم اصل چیلنج ان دعووں پر مستقل عملدرآمد ہے، کیونکہ بلوچستان میں گورننس کے مسائل محض بیانات سے حل نہیں ہوں گے بلکہ ادارہ جاتی اصلاحات درکار ہوں گی۔ وزیر اعلیٰ نے واضح الفاظ میں کہا کہ نوجوانوں کو "لاحاصل جنگ" کی طرف دھکیلا جا رہا ہے اور بعض عناصر بیرونی ایما پر ترقی میں رکاوٹ ڈال رہے ہیں۔ یہ بیانیہ ریاستی موقف کے مطابق ہے، مگر اس کے ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ نوجوانوں کے حقیقی مسائل۔ روزگار، تعلیم، اور بنیادی سہولیات۔۔ کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے۔ صرف سیکیورٹی نقطہ نظر کافی نہیں، بلکہ سماجی و اقتصادی انصاف بھی اتنا ہی اہم ہے۔ پنجگور میں ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح، بس سروس، زیتون پروسیسنگ پلانٹ اور امیگریشن سینٹر جیسے اعلانات خوش آئند ہیں۔ یہ اقدامات اگر بروقت مکمل اور شفاف انداز میں نافذ ہوں تو مقامی معیشت کو سہارا دے سکتے ہیں۔ خاص طور پر بارڈر ایریاز میں سہولیات کی فراہمی نہ صرف تجارت بلکہ عوامی اعتماد کو بھی بڑھا سکتی ہے۔ تعلیم اور اسکل ڈویلپمنٹ پر زور دینا ایک درست حکمت عملی ہے۔ گوادر میں تمام سرکاری اسکولوں کے فعال ہونے کا دعویٰ اگر زمینی حقیقت سے مطابقت رکھتا ہے تو یہ ایک مثبت مثال بن سکتا ہے۔ بلوچستان جیسے پسماندہ صوبے میں تعلیم ہی وہ واحد ذریعہ ہے جو نوجوانوں کو شدت پسندی اور بے روزگاری سے نکال سکتا ہے۔ اگر حکومت واقعی نوجوانوں کا اعتماد بحال کرنے میں کامیاب ہو جاتی ہے تو بلوچستان نہ صرف امن کی طرف بڑھ سکتا ہے بلکہ ترقی کی نئی راہوں پر بھی گامزن ہو سکتا ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان
Daily MEEZAN QUETTA
Bullet No. 6 Date 11 APR 2026 No. 29

## کوئٹہ شہر کے 7 بڑے نالوں کی صفائی کی ہدایت!

گذشتہ روز ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیرصدارت شہر میں صفائی کی صورتحال اور مختلف علاقوں میں کچرے کے ڈھیروں، بالخصوص بڑے برساتی نالوں میں جمع کچرے کو ٹھکانے لگانے کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر ریونیو کوئٹہ ڈویژن بہادر خان کاکڑ کے علاوہ تمام سب ڈویژنز کے اسسٹنٹ کمشنرز اریگیشن ڈیپارٹمنٹ کے افسران اور صفا کوئٹہ پراجیکٹ کے افسران نے شرکت کی۔اجلاس کے دوران کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں کچرے کے ڈھیروں کو فوری طور پر اٹھانے اور بڑے برساتی نالوں کی صفائی کے حوالے سے تفصیلی غوروخوض کیا گیا۔ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے اریگیشن ڈیپارٹمنٹ کو ہدایت جاری کی کہ شہر کے 7 بڑے نالوں کی صفائی کا عمل فوری طور پر شروع کر کے جلد از جلد مکمل کیا جائے تا کہ ممکنہ بارشوں کے دوران نکاسی آب کے مسائل سے بچا جاسکے۔صفا کوئٹہ پراجیکٹ کو ہدایات دی گئیں کہ شہر بھر میں موجود بڑے کچرے کے ڈھیروں کو ترجیحی بنیادوں پر اٹھایا جائے اور اس حوالے سے پیش رفت رپورٹ جلد پیش کی جائے۔اس کے ساتھ ساتھ روزانہ کی بنیاد پر صفائی سے متعلق رپورٹ مرتب کر کے ضلعی انتظامیہ کو فراہم کرنے کی بھی ہدایت کی۔ڈپٹی کمشنر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ شہر کی صفائی اور عوام کو بہتر ماحول کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی

ہم سمجھتے ہیں کہ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیرصدارت ہونے والے اجلاس میں کوئٹہ شہر کی صفائی کی صورتحال اور 7 بڑے نالوں کی صفائی کی ہدایات قابل تعریف اقدام ہے کیونکہ یہ کام ہونا بہت ضروری ہے۔ہمارے ہاں یہ بدقسمتی رہی ہے کہ ان بڑے نالوں کی صفائی صحیح طریقے سے نہ ہونے کے باعث اکثر برسات کے موسم میں ان کا پانی سڑکوں پر نکل آتا ہے اور اس طرح چھوٹی نالیوں کا پانی گلیوں میں آجاتا ہے جس کے باعث عوام کو بڑی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔یہ عمل ایک عرصے سے جاری ہے کیونکہ اس سلسلے میں اکثر اعلانات تو کئے جاتے ہیں لیکن ان پر عملی طور پر اقدامات نہیں کئے جاتے۔جہاں تک شہر کی صفائی کا تعلق ہے تو یہ معاملہ بھی اکثر تضاد کا شکار رہا ہے۔عوامی حلقوں کو اس ضمن میں اکثر شکایات رہتی ہیں کہ ان کے گلی محلوں میں صفائی کی صورتحال ٹھیک نہیں ہے جس پر توجہ نہیں دی جاتی اس وجہ سے بارشوں میں موجودہ صورتحال جس کا ذکر اوپر کیا جاچکا ہے کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کو اپنی صدارت میں ہونے والے اجلاس میں متعلقہ حکام کو دی جانے والی ہدایات پر مکمل طور پر عمل درآمد کرانے کے اقدامات کرنے چاہئیں۔اگر یہی صورتحال رہی تو شہر کے صفائی سے متعلق مسائل جوں کے توں رہیں گے۔اور یہ پوزیشن برقرار رہے گی۔اس لیے اس کا ازالہ کرتے ہوئے اس ضمن میں صحیح طریقے سے کام کرنا چاہیے۔

CS CamScanner

# Missing vehicles

The staggering revelation that 3,762 government vehicles have vanished from the official records of Balochistan is not merely an administrative oversight; it is a profound indictment of the province's governance and a betrayal of the public trust. That over a quarter of the total provincial fleet purchased with the hard-earned tax money of a citizenry already grappling with socio-economic hardships cannot be physically verified speaks to a systemic culture of impunity. When the very machinery of the state becomes "untraceable," the line between official negligence and organized embezzlement begins to blur, demanding a response that goes far beyond routine paperwork.

The scale of this discrepancy is particularly alarming when broken down by department. The Agriculture Department leads this list of shame with 1,142 unaccounted-for units, followed by significant lapses in the Police, Health, and Education sectors. These are departments tasked with essential public service delivery; every missing vehicle represents a stolen resource that should have been transporting doctors to rural clinics, officers to crime scenes, or agricultural experts to struggling farmers. The fact that hundreds of vehicles have evaporated from the high-security environment of the Police department or the central hubs of Quetta suggests that this is not a case of simple misplacement, but likely a long-standing practice of unauthorized personal use or outright theft facilitated by internal complicity.

Chief Minister Mir Sarfraz Bugti's decision to form a three-member investigation committee is a necessary first step, but history in Balochistan is littered with committees whose findings never see the light of day. For this probe to be meaningful, it must be conducted with absolute transparency and a strict timeline. The committee's mandate must not only be to locate the physical assets but to identify the specific officials past and present who authorized the release of these vehicles without maintaining proper logs. Accountability must be horizontal, touching every level of the hierarchy, to ensure that "missing" does not become a euphemism for "stolen."

To prevent a recurrence of this institutional decay, Balochistan must move toward a digitized, centralized asset management system. Relying on archaic manual records in an era of GPS tracking and real-time data is an invitation for corruption. However, technology is only as effective as the integrity of those who manage it. The provincial government must demonstrate that state property is not a perk of the office but a sacred trust. Stern, exemplary punishment for those found guilty of misappropriating these vehicles is the only way to signal that the days of treating the public exchequer as a private spoils system are over.

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: INTEKHAB HUB
Clip No. 6
Dated: 10 APR 2026
Page No. 32

# بلوچستان میں رینج لینڈ کا تحفظ، مشاورتی نشست

تحریر: غلام مرتضیٰ لاسی



بلوچستان کے ضلع لسبیلہ کے شہر اوتھل میں سرکٹ ہاؤس کے مقام پر ایک اہم ڈویژنل سطح کا مشاورتی اجلاس اور تربیتی سیشن منعقد ہوا، جس میں بلوچستان رینج لینڈ پالیسی 2025-2035 کے حوالے سے تفصیلی غور و فکر کیا گیا۔ یہ اجلاس یورپی یونین کے تعاون اور ری وائیول آف بلوچستان واٹر ریسورسز پروگرام کے تحت منعقد کیا گیا، جس میں قلات اور مکران ڈویژن سے تعلق رکھنے والے مختلف محکموں کے افسران، ماہرین ماحولیات، زرعی ماہرین، سماجی کارکنان اور دیگر اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔ اجلاس کا بنیادی مقصد بلوچستان میں چراگاہوں کے تحفظ، ان کے استعمال اور پائیدار ترقی کے لیے ایک جامع اور قابلِ عمل پالیسی تشکیل دینا تھا تاکہ آنے والے برسوں میں قدرتی وسائل کو بہتر انداز میں منظم کیا جا سکے۔ اجلاس سے ریٹائرڈ کنزرویٹر محکمہ جنگلات غلام محمد، جعفر علی بلوچ، یوسف کاکڑ، سابق ڈی ایف او لسبیلہ سلیم زہری اور راجہ آصف کھوسہ سمیت دیگر مقررین نے خطاب کیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ چراگاہوں کی بہتری کے لیے مقامی آبادی، مالداروں اور متعلقہ حلقوں سے تجاویز حاصل کی جا رہی ہیں تاکہ زمینی حقائق کے مطابق ایک پالیسی ترتیب دی جا سکے۔ مقررین نے اس امر پر بھی روشنی ڈالی کہ ماضی میں پالیسیوں کی ناکامی کی ایک بڑی وجہ متعلقہ اداروں کے درمیان ہم آہنگی کا فقدان رہا ہے، جسے نئی پالیسی میں دور کرنا ناگزیر ہے۔ رینج لینڈ، جسے عام طور پر چراگاہیں کہا جاتا ہے، ایسے وسیع قدرتی علاقے ہوتے ہیں جہاں گھاس، جھاڑیاں اور دیگر قدرتی نباتات اگتی ہیں اور مویشی چرائے جاتے ہیں۔ یہ علاقے عموماً بارش پر انحصار کرتے ہیں اور ان میں باقاعدہ آبپاشی کا نظام موجود نہیں ہوتا۔ بلوچستان میں رینج لینڈ کی اہمیت غیر معمولی ہے کیونکہ صوبے کا بڑا حصہ انہی چراگاہوں پر مشتمل ہے۔ یہاں لاکھوں افراد کی معیشت کا دارومدار لائیو اسٹاک پر ہے، جبکہ یہ چراگاہیں ماحولیاتی توازن برقرار رکھنے، زمین کے کٹاؤ کو روکنے اور صحرائی پھیلاؤ کو کم کرنے میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ اجلاس کے دوران ماہرین نے موسمیاتی تبدیلی، کم بارشوں، غیر منظم چرائی اور پانی کے ضیاع کو چراگاہوں کی تباہی کی بڑی وجوہات قرار دیا۔ مقررین نے کہا کہ بارشوں کے دوران بہنے والا پانی اگر محفوظ کر لیا جائے تو نہ صرف چراگاہوں بلکہ زراعت کے شعبے میں بھی نمایاں بہتری لائی جا سکتی ہے۔ اس کے لیے چھوٹے ڈیمز، واٹر پونڈز اور دیگر ذخیرہ آب کے منصوبوں کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ مزید برآں، سائنسی بنیادوں پر چراگاہوں کے انتظام اور جدید زرعی طریقوں کے استعمال کو بھی ناگزیر قرار دیا گیا۔ آخر میں رینج لینڈ پالیسی کو مؤثر بنانے کے لیے متعدد تجاویز پیش کی گئیں، جن میں بارش کے پانی کو محفوظ بنانے کے لیے ڈھانچے تعمیر کرنا، مختلف سرکاری محکموں کے درمیان بہتر ہم آہنگی پیدا کرنا، مقامی کمیونٹی کو فیصلہ سازی میں شامل کرنا، اور قانون سازی کے ذریعے چراگاہوں کا تحفظ یقینی بنانا شامل ہیں۔ اس کے علاوہ مقامی افراد کو تربیت فراہم کرنے اور متبادل روزگار کے مواقع پیدا کرنے پر بھی زور دیا گیا تاکہ چراگاہوں پر دباؤ کم کیا جا سکے۔ اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ مشترکہ کوششوں کے ذریعے بلوچستان کی چراگاہوں کو محفوظ، بحال اور ترقی یافتہ بنایا جائے گا، جس سے نہ صرف ماحولیات کا تحفظ ممکن ہو گا بلکہ مقامی لوگوں کی معاشی حالت میں بھی بہتری آئے گی۔

☆☆☆☆☆

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily Balochistan News Quetta
No. 6 Dated: 11 APR 2026 Page No. 31

# بلوچستان میں رینج لینڈ کا تحفظ, مشاورتی نشست

غلام مرتضی لاسی

بلوچستان کے ضلع لسبیلہ کے شہر اوتھل میں سرکٹ ہاس کے مقام پر ایک اہم ڈویژنل سطح کا مشاورتی اجلاس اور تربیتی سیشن منعقد ہوا، جس میں بلوچستان رینج لینڈ پالیسی 2025-2035 کے حوالے سے تفصیلی غور وفکر کیا گیا۔ یہ اجلاس یورپی یونین کے تعاون اور ری وائیول آف بلوچستان واٹر ریسورسز پروگرام کے تحت منعقد کیا گیا، جس میں قلات اور مکران ڈویژن سے تعلق رکھنے والے مختلف محکموں کے افسران، ماہرین ماحولیات، زرعی ماہرین، سماجی کارکنان اور دیگر اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔ اجلاس کا بنیادی مقصد بلوچستان میں چراگاہوں کے تحفظ، ان کے مؤثر استعمال اور پائیدار ترقی کے لیے ایک جامع اور قابلِ عمل پالیسی تشکیل دینا تھا تاکہ آنے والے برسوں میں قدرتی وسائل کو بہتر انداز میں منظم کیا جا سکے۔ اجلاس سے ریٹائرڈ کنزرویٹر محکمہ جنگلات غلام محمد، جعفر علی بلوچ، یوسف کاکڑ، سابق ڈی ایف او لسبیلہ سلیم زہری اور راجہ آصف کھوسہ سمیت دیگر مقررین نے خطاب کیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ چراگاہوں کی بہتری کے لیے مقامی آبادی، مالداروں اور متعلقہ حلقوں سے تجاویز حاصل کی جا رہی ہیں تاکہ زمینی حقائق کے مطابق ایک مؤثر پالیسی ترتیب دی جا سکے۔ مقررین نے اس امر پر بھی روشنی ڈالی کہ ماضی میں پالیسیوں کی ناکامی کی ایک بڑی وجہ متعلقہ اداروں کے درمیان ہم آہنگی کا فقدان رہا ہے، جسے نئی پالیسی میں دور کرنا ناگزیر ہے۔ رینج لینڈ، جسے عام طور پر چراگاہیں کہا جاتا ہے، ایسے وسیع قدرتی علاقے ہوتے ہیں جہاں گھاس، جھاڑیاں اور دیگر قدرتی نباتات اگتی ہیں اور مویشی چرائے جاتے ہیں۔ یہ علاقے عموماً بارش پر انحصار کرتے ہیں اور ان میں باقاعدہ آبپاشی کا نظام موجود نہیں ہوتا۔ بلوچستان میں رینج لینڈ کی اہمیت غیر معمولی ہے کیونکہ صوبے کا بڑا حصہ انہی چراگاہوں پر مشتمل ہے۔ یہاں لاکھوں افراد کی معیشت کا دارومدار لائیو اسٹاک پر ہے، جبکہ یہ چراگاہیں ماحولیاتی توازن برقرار رکھنے، زمین کے کٹاؤ کو روکنے اور صحرائی پھیلاؤ کو کم کرنے میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ اجلاس کے دوران ماہرین نے موسمیاتی تبدیلی، کم بارشوں، غیر منظم چرائی اور پانی کے ضیاع کو چراگاہوں کی تباہی کی بڑی وجوہات قرار دیا۔ مقررین نے کہا کہ بارشوں کے دوران بہنے والا پانی اگر محفوظ کر لیا جائے تو نہ صرف چراگاہوں بلکہ زراعت کے شعبے میں بھی نمایاں بہتری لائی جا سکتی ہے۔ اس کے لیے چھوٹے ڈیمز، واٹر پونڈز اور دیگر ذخیرہ آب کے منصوبوں کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ مزید برآں، سائنسی بنیادوں پر چراگاہوں کے انتظام اور جدید زرعی طریقوں کے استعمال کو بھی ناگزیر قرار دیا گیا۔ آخر میں رینج لینڈ پالیسی کو بہتر بنانے کے لیے متعدد تجاویز پیش کی گئیں، جن میں بارش کے پانی کو محفوظ بنانے کے لیے ڈھانچے تعمیر کرنا، مختلف سرکاری محکموں کے درمیان بہتر ہم آہنگی پیدا کرنا، مقامی کمیونٹی کو فیصلہ سازی میں شامل کرنا، اور قانون سازی کے ذریعے چراگاہوں کا تحفظ یقینی بنانا شامل ہیں۔ اس کے علاوہ مقامی افراد کو تربیت فراہم کرنے اور متبادل روزگار کے مواقع پیدا کرنے پر بھی زور دیا گیا تاکہ چراگاہوں پر دباؤ کم کیا جا سکے۔ اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ مشترکہ کوششوں کے ذریعے بلوچستان کی چراگاہوں کو محفوظ، بحال اور ترقی یافتہ بنایا جائے گا، جس سے نہ صرف ماحولیات کا تحفظ ممکن ہوگا بلکہ مقامی لوگوں کی معاشی حالت میں بھی بہتری آئے گی۔